رجسٹرڈ بی سی نمبر 12
قیمت 10 روپے
MEMBER OF APNS
A.B.C Certified
کوئٹہ، اسلام آباد اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ
DAILY AWAM QUETTA
روزنامہ عوام کوئٹہ
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 38 | جمعرات 17 جمادی الاول 1448ھ | 29 اکتوبر 2026ء | فون 2832244-2829384 فیکس 2832255 | شمارہ 107

تمام سکولوں میں سمارٹ بورڈز، طلباء و طالبات کو محفوظ ماحول فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، شہباز شریف

جلد از جلد نصب کیے جائیں

سرکاری سکولوں میں انفراسٹرکچر کے تمام مسائل ہنگامی بنیادوں پر حل کیے جائیں، وزیراعظم کی اسلام آباد میں انفراسٹرکچر، نصاب، اساتذہ کی تربیت اور دیگر اصلاحات کے ہنگامی بنیادوں پر نفاذ کی ہدایت

وفاقی دارالحکومت میں سکولوں کے مسائل حل کرنے کے لیے تمام وسائل فوری طور پر بروئے کار لائے جائیں، سرکاری سکولوں کے اساتذہ تعلیم و تدریس کے علاوہ کسی اور سرگرمی میں حصہ نہیں لیں گے، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے اسلام آباد میں تمام سرکاری سکولوں میں انفراسٹرکچر، نصاب، اساتذہ کی تربیت اور دیگر اصلاحات کے ہنگامی بنیادوں پر نفاذ کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسلام آباد کے سرکاری سکولوں میں (بقیہ نمبر 37 صفحہ 6 پر)

حکومت کا پمز اصلاحاتی عمل پیشرفت کا روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے پمز (بقیہ نمبر 41 صفحہ 6 پر)

اسحاق ڈار سے مکہ دفاعی اتحاد کے سیکرٹری جنرل نعمان محمود کی ملاقات

دونوں رہنماؤں کی خطے میں پائیدار امن کو فروغ دینے میں مکہ دفاعی اتحاد کے اہم کردار پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے مکہ دفاعی اتحاد کے پہلے سیکرٹری جنرل لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) نعمان محمود، ایچ آئی (ایم) (بقیہ نمبر 40 صفحہ 6 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبے میں امن و امان کی صورتحال پر اظہار خیال کر رہے ہیں

معاملات بگڑتے چلے جا رہے ہیں، پارلیمنٹ عوام کا نمائندہ ادارہ ہے، برداشت کی قوت ختم ہو گئی ہے، مولانا فضل الرحمن

آئیں ایک میز پر بیٹھیں اور نیا میثاق جمہوریت کریں، اس میں حکومت بھی ہو اپوزیشن بھی ہو، سربراہ جے یو آئی (ف)

جب لانگ مارچ اسلام آباد کی طرف آ رہا تھا تو پی ٹی آئی کے دوستوں نے مجھے کہا کہ اس میں آپ کا کوئی کردار ہونا چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ ہم آپ کے ہاتھوں مرنے کو تیار ہیں تاریخ کے ہاتھوں مرنے کو تیار نہیں، یہ ملک کسی جرنیل کا نہیں ہم سب کا ہے، پارلیمنٹ عوام کا نمائندہ ادارہ ہے، برداشت کی قوت ختم ہو گئی ہے، (بقیہ نمبر 39 صفحہ 6 پر)

انگوراڈہ بازار پر حملہ ناقابل قبول، پاکستان کی خودمختاری پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، فیصل کریم کنڈی

پاکستان کی سلامتی کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کا بھرپور مقابلہ کیا جائے گا، مسلح افواج کو خراج تحسین

اسلام آباد (آن لائن) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے لوئر جنوبی وزیرستان میں شہری آبادی اور انگوراڈہ بازار پر افغان طالبان رجیم کی جانب سے مبینہ بلا (بقیہ نمبر 38 صفحہ 6 پر)

اسلام آباد وزیراعظم شہباز شریف گورننس میں مصنوعی ذہانت کے اطلاق اور معیشت کی ڈیجیٹائزیشن میں پیش رفت اور علی بابا گروپ کے ساتھ جاری تعاون کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ریلوے میں شفافیت، صلاحیت اور عوامی ریلیف حکومت کی ترجیحات ہیں، وزیراعظم

شہباز شریف کی ریلوے میں اصلاحات تیز کرنے کی ہدایت، مسافروں کو جدید سہولیات کی فراہمی پر زور

وزیراعظم سے حنیف عباسی کی ملاقات، ریلوے کی کارکردگی اور جاری منصوبوں کا جائزہ، ریل کا سفر محفوظ و قابل اعتماد بنایا جائے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان ریلوے کی کارکردگی بہتر بنانے، سفری سہولیات کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور ریل کے سفر کو محفوظ و قابل اعتماد بنانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرنے کی ہدایت کی ہے۔ وزیراعظم نے ریلوے میں شفافیت، مؤثر اصلاحات اور عوام کو ریلیف کی فراہمی کو ترجیح دینے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے ادارے کی بحالی اور بہتری کے لیے (بقیہ نمبر 42 صفحہ 6 پر)

بلوچ بچیوں اور بچوں کو تعلیم سے دور رکھنا دہشتگردوں کا مقصد، کسی صورت تعلیمی ادارے بند نہیں ہونگے، صوبے سے دہشتگردی کی فضا ختم کر کے ان کو انجام تک پہنچایا جائے گا، وزیراعلیٰ بلوچستان

بزدلانہ حملے حکومت کے عزم اور حوصلے پست نہیں کر سکتے، اپنے بچوں کو تعلیم، شعور اور روزگار کے مواقع فراہم کرینگے، نوشکی کے گرلز کالج میں پیش آنے والے افسوسناک واقعے کی شدید مذمت کرتے ہیں

جو لوگ ریاست کے آئین اور قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے دلیل کی بنیاد پر بات کرنا چاہتے ہیں، ان کے لیے ریاست کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں، میر سرفراز بگٹی کی صوبے میں سیکیورٹی کی صورتحال پر گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے سے دہشت گردی کی فضا ختم کر کے دہشت گردوں کو ان کے انجام تک پہنچایا جائے گا، بزدلانہ حملے حکومت کے عزم اور حوصلے پست نہیں کر سکتے۔ بلوچ بچیوں اور بچوں کو تعلیم سے دور رکھنا دہشت گردوں کا مقصد ہے، تاہم بلوچستان حکومت کسی صورت تعلیمی ادارے بند نہیں کرے گی بلکہ اپنے بچوں کو تعلیم، شعور اور روزگار کے مواقع فراہم کرے گی۔ جو لوگ ریاست کے آئین اور قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے دلیل کی بنیاد پر بات کرنا چاہتے ہیں، ان کے لیے ریاست کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبے میں سیکیورٹی کی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے نوشکی کے گرلز کالج میں پیش آنے والے افسوسناک واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ روز کالج میں بی ایل اے کے دہشت گرد داخل ہوئے اور تین طالبات کو زخمی کیا۔ زخمی طالبات میں سے دو کو شدید چوٹیں آنے کے باعث فوری طور پر کوئٹہ منتقل کیا گیا، جہاں حکومت ان کے بہترین علاج اور دیکھ بھال کو یقینی بنا رہی ہے، جبکہ تیسری طالبہ کو معمولی چوٹیں آئیں اور اس کا علاج نوشکی میں کیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ وہ پہلے دن سے یہ سوال اٹھاتے آ رہے ہیں کہ دہشت گرد (بقیہ نمبر 43 صفحہ 6 پر)

عوامی مینڈیٹ تسلیم کیے بغیر ملک بحرانوں سے نہیں نکل سکتا، قید پی ٹی آئی رہنما

حکومت نے آئین اور جمہوریت کو نقصان پہنچایا، عدلیہ کو تباہ کیا، شاہ محمود قریشی، یاسمین راشد، عمر سرفراز ودیگر

لاہور (این این آئی) کوٹ لکھپت جیل میں قید پی ٹی آئی رہنماؤں نے کہا ہے کہ حکومت نے آئین اور جمہوریت کو نقصان پہنچایا، عدلیہ کو تباہ کیا، ملک کو بحرانوں سے نکالنے کے لیے قومی مفاہمت، آئین کے احترام اور عوامی مینڈیٹ تسلیم کرنا ہوگا۔ کوٹ لکھپت جیل میں قید شاہ محمود قریشی، ڈاکٹر یاسمین راشد، عمر سرفراز چیمہ، میاں محمود الرشید، اعجاز چوہدری نے وکیل (بقیہ نمبر 44 صفحہ 6 پر)

پاک بحریہ کے سربراہ اور کویتی بحریہ کے کمانڈر کی ملاقات، امن و استحکام کیلئے مشترکہ عزم کا اعادہ

آئی ایس پی آر کے مطابق کویتی بحریہ کے کمانڈر کا دورہ دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کا عکاس ہے

پاکستان اور کویت کے درمیان دوطرفہ بحری تعاون مزید مضبوط بنانے پر گفتگو دونوں ممالک کا علاقائی بحری امن و استحکام کیلئے مشترکہ عزم کا اعادہ

راولپنڈی (این این آئی) انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) نے کہا ہے کہ پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف اور کویتی بحریہ کے کمانڈر میجر جنرل سیف عبدالہادی الحملاں کے درمیان ملاقات ہوئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کمانڈر میجر جنرل سیف عبدالہادی الحملاں نیول ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد پہنچے، نیول ہیڈ کوارٹرز آمد پر کویتی بحریہ کے کمانڈر کو گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق (بقیہ نمبر 48 صفحہ 6 پر)

پیپلز پارٹی کے ساتھ بلز پر کوئی اختلاف نہیں، پارلیمانی سیاست میں ہلکی پھلکی موسیقی نہ ہو تو پھر کیا فائدہ؟ نذیر تارڑ

پیپلز پارٹی اور حکومت کے درمیان بلز پر کوئی اختلاف نہیں، کابینہ میں شامل جماعتوں کے ساتھ بلز پہلے ہی زیر بحث آ جاتے ہیں، وفاقی وزیر قانون

اسپیکر قومی اسمبلی نے متعدد پروڈکشن آرڈرز جاری کیے ہیں، معاملے کی حساسیت کو دیکھتے ہوئے پروڈکشن آرڈر جاری کرنا اسپیکر کا اختیار ہوتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی اور حکومت کے درمیان بلز پر کوئی اختلاف نہیں، کابینہ میں شامل جماعتوں کے ساتھ بلز پہلے ہی زیر بحث آ جاتے ہیں۔ اعظم نذیر تارڑ نے گفتگو کے دوران کہا کہ اتحادی جماعتوں کو خوش دلی سے بریفنگ دی جاتی ہے، پارلیمانی سیاست میں ہلکی پھلکی موسیقی بھی نہ ہو تو پھر کیا فائدہ؟ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ اسپیکر قومی اسمبلی نے متعدد (بقیہ نمبر 49 صفحہ 6 پر)

اسلام آباد سپریم کورٹ آف پاکستان کے سینئر جج جسٹس منیب اختر سپریم کورٹ آف پاکستان کے قائم مقام چیف جسٹس کے عہدے کا حلف اٹھا رہے ہیں

پاکستان کا خلیجی جنگ میں لاپتہ افراد کی تلاش اور شناخت کا عمل تیز کرنے کا مطالبہ

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے خلیجی جنگ کے دوران لاپتہ افراد کی تلاش اور شناخت کے عمل کو تیز کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ رپورٹ کے زیر جائزہ عرصے کے دوران کسی نئے لاپتا شخص کی شناخت نہ ہونا باعث تشویش ہے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے قائم مقام مستقل مندوب عثمان جدون نے سلامتی کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ (بقیہ نمبر 50 صفحہ 6 پر)

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ریاض حسین پیرزادہ کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ و تعمیرات ریاض حسین پیرزادہ نے ملاقات کی اور انہیں جاری ہاؤسنگ سکیموں (بقیہ نمبر 46 صفحہ 6 پر)

جسٹس منیب اختر نے قائم مقام چیف جسٹس سپریم کورٹ کا حلف اٹھا لیا

اسلام آباد (این این آئی) جسٹس منیب اختر نے قائم مقام چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان کے عہدے کا حلف اٹھا لیا۔ جسٹس محمد علی مظہر نے جسٹس منیب اختر سے (بقیہ نمبر 47 صفحہ 6 پر)

بلوچستان کے اضلاع کچھی میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز، بھارتی حمایت یافتہ 9 دہشتگرد ہلاک

دہشتگردی کے خاتمے تک اس کے خلاف جنگ جاری رکھیں گے، وزیراعظم، سہولت کاروں کو کہیں چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی، محسن نقوی

سکیورٹی ادارے عزم استحکام ویژن کے تحت دہشت گردی کے خلاف جاری مہم پوری شدت سے جاری رکھے ہوئے ہیں، آئی ایس پی آر

کوئٹہ، اسلام آباد (آن لائن) سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے اضلاع کچھی اور وڈھ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے، فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کی گئی کارروائیوں میں بھارتی حمایت یافتہ 9 دہشت گرد ہلاک کر دیے گئے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف اور وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان میں کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشتگردی کی عفریت کے ملک سے مکمل خاتمے تک اس کے خلاف جنگ جاری رکھیں گے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے (بقیہ نمبر 45 صفحہ 6 پر)

اسلام آباد وزیراعظم شہباز شریف سرکاری اسکولوں میں اصلاحات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی مستعفی، استعفیٰ صدر مملکت کو ارسال

جسٹس محسن اختر کیانی اسلام آباد ہائیکورٹ سے ٹرانسفر ہو کر لاہور ہائیکورٹ میں فرائض انجام دے رہے تھے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی مستعفی ہو گئے، رپورٹ کے مطابق جسٹس محسن اختر کیانی نے استعفیٰ صدر پاکستان کو بھجوا دیا۔ جسٹس محسن اختر کیانی اسلام آباد ہائیکورٹ سے ٹرانسفر ہو کر لاہور ہائیکورٹ میں فرائض انجام دے رہے تھے۔ جسٹس (بقیہ نمبر 60 صفحہ 7 پر)

پی آئی اے کی بین الاقوامی فضاؤں میں واپسی کا سفر اہم مرحلے میں داخل

پی آئی اے کا اہم سنگ میل، پہلی بار بوئنگ 787 ڈریم لائنر طیارے فضائی آپریشن کیلئے استعمال کیے جائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) قومی ایئر لائن کی بین الاقوامی فضاؤں میں واپسی کا سفر ایک اور اہم مرحلے میں داخل ہو گیا، لندن کیلئے ہفتہ وار پروازوں کی تعداد 7 کر دی گئی، جبکہ برمنگھم کیلئے براہ راست فضائی آپریشن بھی یکم دسمبر سے بحال کیا جا رہا ہے۔ پی آئی (بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر)

فضائی آلودگی کا سب سے زیادہ بوجھ غریب طبقے پر پڑتا ہے، ڈاکٹر مصدق ملک

وفاقی وزیر کا کلین ایئر اسٹارٹ اپس کے لیے ایک کروڑ ڈالر فنڈ قائم کرنے کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ فضائی آلودگی اور اسموگ سے غریب اور کمزور طبقات سب سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں جبکہ صاحب استطاعت افراد ایئر پیوریفائرز اور دیگر حفاظتی اقدامات کے ذریعے (بقیہ نمبر 58 صفحہ 7 پر)



اسلام آباد چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی خان پارلیمنٹ ہاؤس میں قومی اسمبلی اجلاس کے دوران خطاب کر رہے ہیں

ایران سے پشاور کے شہری کو اغواء کرنیوالے ملزمان افغان شہری نکلے

اغواء کاروں کی گرفتاری کے لیے تحقیقات کا دائرہ وسیع کر دیا ہے، ایف آئی اے حکام

پشاور (این این آئی) ایران سے اغواء ہونے والے پشاور کے شہری یاسر علی کو اغواء کرنے والے دونوں ملزمان افغان شہری نکلے۔ وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) حکام کے مطابق بازیاب شہری تاوان کی غرض سے 7 لاکھ روپے ادا کر چکا ہے، ملزمان اس سے (بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر)

ایاز صادق کا بھارتی سرپرستی میں سرگرم 9 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، اسپیکر قومی اسمبلی کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بلوچستان کے اضلاع کچھی اور وڈھ میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم 9 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم (بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر)

علیم خان کا این ایچ اے کی تمام سرکاری اراضی سے قبضہ واگزار کرانے کیلئے زیرو ٹالرنس مہم کا حکم

وفاقی وزیر مواصلات کی لاہور۔ گوجرانوالہ جی ٹی روڈ کے سیکشن پر پیچ ورک کی تیز رفتار تکمیل کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان نے نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کی تمام سرکاری اراضی سے غیر قانونی قبضہ واگزار کرانے کے لیے سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے قبضہ مافیا کے خلاف 'زیرو ٹالرنس' پالیسی کا اعلان (بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر)

وزیر قانون سے آذربائیجان کے سفیر کی ملاقات

ادارہ جاتی روابط اور دوطرفہ تعلقات کو وسعت دینے پر باہمی تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان اور آذربائیجان کے تعلقات مضبوط حکومتی روابط کے علاوہ مذہبی، ثقافتی اور تاریخی رشتوں پر استوار ہیں، دونوں ممالک کے درمیان قانونی امور اور انفارمیشن (بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر)

آزاد جموں و کشمیر کے نے فسادی جتھے کو آئینہ دکھا دیا، گمراہ کن بیانیہ مسترد

عوام اس فسادی جتھے کی حقیقت پہچان چکے ہیں، اسی لیے کشمیر بھر میں اس کی ہر کال مسترد کی گئی، شہری

مظفر آباد (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر کے باشعور عوام نے فسادی جتھے کو آئینہ دکھاتے ہوئے گمراہ کن بیانیہ مسترد کر دیا۔ آزاد جموں و کشمیر کے عوام نے فسادی جتھے کے اشتعال انگیز پراپیگنڈا کو کشمیریوں کو گمراہ کرنے کی کوشش قرار دیدیا۔ مظفر آباد، میرپور، بھمبر، (بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر)

پاکستان انتہائی بحرانی حالت میں ہے، ہماری اندرونی بدکاریوں، بے ایمانی کی وجہ سے مشکل میں ہیں، محمود اچکزئی

حکمرانوں کی مخالفت کو غداری سمجھا جاتا ہے، ہم ریاست کے مخالف نہیں، ہم پاکستان میں آبادی کے لحاظ سے اپنی حق حکمرانی چاہتے ہیں

وزیراعلیٰ سہیل آفریدی یہ مطالبہ کر رہا تھا میں یہ دھرنا ختم کرونگا صرف مجھے میرے لیڈر عمران خان سے ملنے دیا جائے، سربراہ پشتونخوا میپ

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین، تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن جنوبی پشتونخوا زون کی زونل کانفرنس سے صدارتی خطاب میں کہا کہ پاکستان انتہائی بحرانی حالت میں ہے، یہ بحران خارجی دشمنوں کی وجہ سے نہیں بلکہ ہماری اندرونی بدکاریوں، رشوت خوری، بے ایمانی کی وجہ سے پاکستان مشکل میں (بقیہ نمبر 62 صفحہ 7 پر)

پاکستان کی آئی ٹی برآمدات ستمبر 2026 میں 435 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں، دانیال چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات و نشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان کی آئی ٹی برآمدات ستمبر 2026 میں 435 (بقیہ نمبر 64 صفحہ 7 پر)

آل پاکستان پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن کی سیکرٹری پٹرولیم سے ملاقات

قیمتوں میں روزانہ ردوبدل سے پیٹرول پمپ مالکان کو درپیش مشکلات پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) آل پاکستان پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن نے سیکرٹری پیٹرولیم اور اسپیشل سیکرٹری پیٹرولیم سے کی جس میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ ردوبدل سے پیٹرول پمپ مالکان کو درپیش مشکلات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اونر (بقیہ نمبر 63 صفحہ 7 پر)

مضبوط اور خوشحال پاکستان کے تین نکاتی ایجنڈے پر سب کو مل بیٹھ کر بات کرنا ہوگی، طارق فضل

کے پی میں گورنر راج 6 ماہ بعد اٹھا لیا جائے گا، امن قائم ہونے پر ایمرجنسی بھی اٹھا لیں گے، وفاقی وزیر پارلیمانی امور

پاکستان کو غیر مستحکم کرنے میں کچھ ممالک دہشت گردوں کے معاون ہیں، ان میں بھارت اور افغانستان پیش پیش ہیں، اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے ایک بار پھر کہا ہے کہ ایک مستحکم، مضبوط اور خوشحال پاکستان کے تین نکاتی ایجنڈے پر سب کو مل بیٹھ کر بات کرنا ہوگی، ہمارے دروازے بات چیت کیلئے کھلے ہیں، کے پی میں گورنر راج 6 ماہ (بقیہ نمبر 65 صفحہ 7 پر)

مصطفیٰ کمال ٹی وی اسکرین پر بیٹھ کر حقائق مسخ کرنے سے گریز کریں، قادر مندوخیل

ذوالفقار علی بھٹو کا آئین وفاق کی علامت ہے، مفاد پرست ٹولہ اس کی غلط تشریح سے باز رہے، رہنما پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما قادر خان مندوخیل نے مصطفیٰ کمال کے بیان پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مصطفیٰ کمال ٹی وی اسکرین پر بیٹھ کر حقائق مسخ کرنے سے گریز کریں، ذوالفقار علی بھٹو کا آئین وفاق کی (بقیہ نمبر 66 صفحہ 7 پر)

سابق چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کے ہاں 21 سال بعد بیٹے کی پیدائش

کوئٹہ (این این آئی) سابق چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کے گھر 21 سال بعد بیٹے کی پیدائش ہوئی ہے۔ صادق سنجرانی کو پاکستان بھر سے رشتے داروں اور خیر خواہوں کی (بقیہ نمبر 67 صفحہ 7 پر)

پاکستان نے ون چائنا پالیسی کے تحت تائیوانی فضائی کمپنیوں کیلئے اپنی حدود بند کر دیں

پاکستان نے چین کی ون چائنا پالیسی کی حمایت میں تائیوان کی فضائی کمپنیوں کے لیے اپنی فضائی حدود بند کیں، امریکی میڈیا

ہوابازی کا شعبہ ون چائنا پالیسی پر عمل پیرا ہے، جس کے تحت صرف چین کو اجازت حاصل ہے، وزیر دفاع خواجہ آصف کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے تائیوان کی فضائی کمپنیوں کے لیے اپنی فضائی حدود بند کر دی ہیں۔ امریکی خبر رساں ادارے بلومبرگ کی رپورٹ کے مطابق پاکستان نے چین کی ون چائنا پالیسی کی حمایت میں تائیوان کی فضائی کمپنیوں کے لیے اپنی فضائی حدود بند (بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر)

وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیا اللہ لانگو اقوام متحدہ کے ادارہ برائے منشیات و جرائم یو این او ڈی سی اور یو این ڈی پی کا مشترکہ وفد ملاقات کر رہا ہے

کراچی، سرکاری فلیٹ سے 5 بچوں کی ماں کی تشدد زدہ گلا کٹی لاش برآمد

کراچی (این این آئی) ایف سی ایریا کے سرکاری فلیٹ سے 65 سالہ خاتون کی تشدد زدہ گلا کٹی لاش ملی، مقتولہ کو پتھر سے تشدد کا نشانہ بنانے کے بعد گلا کاٹنے کی کوشش کی گئی تھی، مقتولہ 5 بچوں کی ماں تھی۔ مقتولہ کا شوہر گزشتہ کئی سالوں سے الگ رہائش پذیر تھا، عباسی شہید اسپتال میں لیڈی ایم ایل او کی عدم دستیابی کے باعث لاش کئی گھنٹوں تک بے یارو مددگار پڑی رہی، (بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر)

عمران خان سمیت تمام قیدیوں کو اسلام آباد کی نئی ماڈل جیل منتقل ہونا ہے، عطاء اللہ تارڑ

اسلام آباد ماڈل جیل مکمل فعال ہونے کے بعد اسلام آباد انتظامیہ فیصلہ کرے گی، وزیر اطلاعات

کسی کو گورننس میں بہتری سے انکار نہیں، گورننس پر بحث جاری رہتی ہے، جاری رہنی چاہیے، نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء تارڑ نے کہا ہے کہ عمران خان سمیت تمام قیدیوں کو اسلام آباد کی نئی ماڈل جیل منتقل ہونا ہے، اسلام آباد ماڈل جیل مکمل فعال ہونے کے بعد اسلام آباد انتظامیہ فیصلہ کرے گی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایران میں اجلاس پاکستان کی بہت بڑی کامیابی ہے، فیلڈ مارشل کی کوشش کے نتیجے میں مسلم امہ ایک جگہ اکٹھی ہوئی، فیلڈ مارشل عاصم منیر نے تہران اجلاس کو (بقیہ نمبر 51 صفحہ 6 پر)

خیبر پختونخوا کے کئی اضلاع میں بلدیاتی انتخابات کا حکم، 5 اضلاع مستثنیٰ

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے خیبر پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات سے متعلق محفوظ فیصلہ سنا دیا۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے فیصلہ پڑھ کر سنایا۔ فیصلے (بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر)

وزیر پٹرولیم سے عالمی مائننگ ٹیکنالوجی کمپنی کے ڈائریکٹر کی ملاقات

معدنی شعبے میں سرمایہ کاری، جدید مائننگ ٹیکنالوجی اور سٹریٹجک تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے عالمی مائننگ ٹیکنالوجی کمپنی ویئر کے ڈائریکٹر جے ڈی سنگلٹن نے ملاقات کی جس میں پاکستان کے معدنی شعبے میں سرمایہ کاری کے مواقع، جدید مائننگ ٹیکنالوجی اور سٹریٹجک تعاون کے امکانات پر تبادلہ (بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر)

وفاقی حکومت ایمرجنسی کی آڑ میں سیاسی انتقامی کارروائیاں کر رہی ہے، سیئر گوہر

کارکنوں کو گرفتار، ان کی نقل و حرکت روکنا اور لوگوں کو اٹھا کر غائب کرنا جمہوری اقدار کے منافی ہے، قومی اسمبلی میں اظہار خیال

اس موقع پر اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا کہ ایک کمیٹی بنائی گئی تھی، لیکن آپ لوگ واک آؤٹ کر کے چلے گئے

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی خان نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کی مخالفت کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ وفاقی حکومت ایمرجنسی کی آڑ میں سیاسی انتقامی کارروائیاں کر رہی ہے۔ نیشنل ایکشن پلان پر بلاامتیاز کارروائی ہونی چاہیے، تاہم سیاسی کارکنوں کو گرفتار کرنا، ان کی نقل و حرکت روکنا اور لوگوں کو اٹھا کر غائب کرنا جمہوری اقدار کے منافی ہے۔ قومی اسمبلی (بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر)

حکومت لیوی پر ریلیف بڑھانے کو تیار، اس کا مکمل خاتمہ چاہتے ہیں، حافظ نعیم

وزیراعظم عوام پر لیوی بھتہ کے نفاذ کا کوئی جواز نہیں دے سکے، البتہ ان کا کہنا تھا کہ لیوی وفاق کی آمدن کا بڑا ذریعہ ہے

جماعت اسلامی کے علاوہ کوئی پارٹی عوام کے لیے آواز نہیں اٹھاتی، امیر جماعت اسلامی کی ادارہ نور حق میں پریس کانفرنس

کراچی (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ منگل کو وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات میں حکومت پٹرولیم لیوی پر ریلیف کے دائرہ کار کو بڑھانے پر راضی ہوئی ہے تاہم جماعت اسلامی لیوی کا مکمل خاتمہ چاہتی ہے، اپنے موقف کے حق (بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، سینیٹر سعید الحسن مندوخیل، سردار عبدالرحمن کھیتران، نوابزادہ زرین خان مگسی، زرک خان مندوخیل، خلیل جارج اور میر نور اللہ لہڑی ایم ایس ای

روزنامہ عوام
MEMBER OF APNS
ایڈیٹر انچیف
وسیم احمد

انچارج شعبۂ کھیلوں کی دنیا

پریمئر سپر لیگ ایڈیشن 10 میں مزید 2 میچز کا فیصلہ

آدم جی انشورنس اور پیکیجز نے اپنے اپنے میچ جیت لیے

لاہور (این این آئی) پریمئر سپر لیگ ایڈیشن 10 میں مزید 2 میچز کا فیصلہ ہوگیا، آدم جی انشورنس اور پیکیجز نے اپنے اپنے میچ جیت لیے۔ پہلے میچ میں پیکیجز نے سروس انٹرنیشنز کو 5 وکٹوں سے پچھاڑ دیا۔ سروسز انٹرنیز نے پہلے کھیلتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 7 کھلاڑیوں کے نقصان پر 150 رنز بنائے، حنان 51 اور سحر خفیظ 27 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ جواب میں پیکیجز نے ہدف 4 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ فاتح کپ کی طرف سے محمد وقاص 31 اور مڈل غفار 28 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ دوسرے میچ میں آدم جی انشورنس نے اولڈ رامئرز کو 5 وکٹوں سے چھاڑ دیا۔ سروسز انٹرنیز نے پہلے کھیلتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 7 کھلاڑیوں کے نقصان پر 135 رنز بنائے، حنان 51 اور سحر خفیظ 27 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ جواب میں آدم جی انشورنس نے اولڈ رامئرز کو 5 وکٹوں کے نقصان پر 140 رنز کا ہدف جوڑا۔ اولڈ رامئرز کی ٹیم 46 وکٹوں کے نقصان پر 135 رنز بنا سکی۔

پیچ کو اس طرح نہیں دیکھا جس طرح دیکھنے کی ضرورت تھی، مائیک اسمتھ

ہم نے اچھی کرکٹ نہیں کھیلی، ہمیں اپنے اوپر یقین ہے کہ کسی بھی صورتحال میں جیت سکتے ہیں، پاکستانی بیٹنگ کوچ

لاہور (این این آئی) پاکستان میٹر کرکٹ ٹیم کے بیٹنگ کوچ مائیک اسمتھ نے سری لنکا کے خلاف شکست پر مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ میچ کقصور وار نہیں ٹھہرایا جائے گی، پچ کو اس طرح نہیں دیکھا جس طرح دیکھنے کی ضرورت تھی۔ میڈیا سے گفتگو میں مائیک اسمتھ نے کہا کہ ہم نے اچھی کرکٹ نہیں کھیلی، ہمیں اپنے اوپر یقین ہے کہ کسی بھی صورتحال میں جیت سکتے ہیں۔ بیٹنگ کوچ نے کہا کہ اپنے بیٹرز کے ساتھ بات کریں گے کہ کیسے بہتری لائی جائے، ہمیں امید ہے کہ فاتح زمان ورلڈ کپ کھلاڑی ہیں، ہمیں امید ہے کہ فائنل میں وہ کارکردگی دکھائیں گے۔ مائیک اسمتھ کے مطابق ہم نے اتنے رنز نہیں کیے مگر ہارلوئڈل آرڈر اچھا پرفارم کر رہا ہے۔ بابر اعظم کی فارم سے متعلق

دی عرب نومبر میں ہونے والے چھٹے ایشین انڈور اینڈ مارشل آرٹس گیمز ملتوی

اعلان کیا گیا ہے کہ اب یہ مقابلے 28 مارچ سے 8 اپریل 2027 تک ریاض میں منعقد ہوں گے

کھیلوں میں عوامی شرکت بڑھانے، نئے ٹیلنٹ کو فروغ دینے اور سعودی عرب کو بڑے عالمی کھیلوں کے مقابلوں کے اہم مرکز کے طور پر مستحکم کرنے میں مدد ملے گی

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں رواں سال نومبر میں ہونے والے چھٹے ایشین انڈور اینڈ مارشل آرٹس گیمز ملتوی کر دیے گئے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اولمپک کونسل آف ایشیا اور متعلقہ انتظامی ایشیا کے اعلان کیا کہ اب یہ مقابلے 28 مارچ سے 8 اپریل 2027 تک ریاض میں منعقد کیے جائیں گے۔ مشترکہ اعلامیے کے مطابق تاریخوں کا تعین انتظامی اور لاجسٹک امور کا جائزہ لینے کے بعد قومی

ترکیہ سپر لیگ، میچ کے بعد کھلاڑیوں کے درمیان شدید ہاتھا پائی

استنبول (این این آئی) ترکیہ کی سپر لیگ میں گالا سرائے اور اس کی حریف ٹیم فنر باہچے کے درمیان میچ کے بعد کھلاڑی میدان جنگ بن گئی اور ہاتھا پائی ہوئی۔ ترکی کا شیشلی ڈربی میں 2-1 سے شکست کے بعد فنر باہچے کے کھلاڑی غصے میں آگئے جس کے باعث صورتحال قابو سے باہر ہوگئی اور ٹیم کے ارکان کو معاملہ سنبھالنے کے لیے میدان میں آنا پڑا۔ میچ کے اختتام پر فنر باہچے کے کھلاڑی کریم کاراتوفلو اور مخالف کھلاڑیوں کے درمیان تیز کلامی کے بعد گالاتا سرائے کے کپتان عبدالکریم

پاکستان ٹیم عباس آفریدی کی قیادت میں ہانگ کانگ سکسرز کیلئے روانہ

3 روزہ ٹورنامنٹ 30 اکتوبر سے کچھ نومبر تک کھیلا جائے گا جس میں 12 ٹیمیں شرکت کریں گی

لاہور (این این آئی) ہانگ کانگ سکسرز کرکٹ ٹورنامنٹ کے لیے پاکستان ٹیم عباس آفریدی کی قیادت میں روانہ ہوگئی۔ واضح رہے کہ 3 روزہ ٹورنامنٹ 30 اکتوبر سے کچھ نومبر تک کھیلا جائے گا جس میں 12 ٹیمیں شرکت کریں گی۔ ٹورنامنٹ میں شریک ٹیموں کو 4 گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے، پاکستان کو گروپ بی

آل سندھ بلوچ ہی آصفہ چھلوندراری اور ٹیمن قمر وہال چیمپئن شپ 8 نومبر سے سکھر میں شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) سندھ قمر وہال ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام اور سندھ سپورٹس بورڈ چیمپئن اخبر پارلیامنٹ کے تعاون سے آل سندھ بلوچ ہی آصفہ چھلوندراری ویمن قمر وہال چیمپئن شپ 8 نومبر سے سکھر میں شروع ہوگی۔ گزشتہ روز سندھ قمر وہال ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری شاہد خان یوطوفی نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں اور سندھ قمر وہال ایسوسی ایشن کے صدر قبول آرائیں نے چیمپئن شپ منعقد کرانے کی منظوری دے دی ہے۔ چیمپئن شپ میں سندھ بھر سے تیمیں حصہ لے رہی ہیں اور چیمپئن شپ کے ڈرائی اعلان 7 نومبر کو کیا جائے گا۔

نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانا ناگزیر ہے، ماجد جوہر

کیشن میں شرکاء نے علاقائی مسائل، طبی سہولیات اور ایمبولینس سروس سے متعلق سوالات کیے

گوادر (ن ل) گوادر ایمبولینس سروس کے زیر اہتمام BRSP سپورٹ پروگرام اور حکومت بلوچستان کے تعاون سے میوسیٹی کا رپوریشن گوادر کے ہال میں نوجوانوں کی قائدانہ صلاحیتوں کی قیادت کے فروغ کے لیے آگاہی و تربیتی پروگرام منعقد کیا گیا۔ پروگرام کا مقصد نوجوانوں کو باشعور، باصلاحیت، سماجی ذمہ داریوں کا شعور اجاگر کرنا اور مثبتی و بامقصد نیا اور میں ان کی میٹر شرکت کو فروغ دینا تھا۔ تقریب کے مہمان خصوصی ڈسٹمل جنرل میونسپل کارپوریشن گوادر ماجد جوہر تھے۔ اس موقع پر گوادر ایمبولینس سروس کے چیئرمین نیم موسیٰ نے ادارے کی خدمات اور بیکاری

ٹیم کے بولرز نے کرکٹ میچ کی خامیوں پر قابو پالیا ہے، شاہد آفریدی

پاکستان کو ایک بڑی فتح سے ہمکنار کیا، بولرز کا مضبوط ہونا ٹیم کی بڑی کامیابی ہے، شاہین

لاہور (این این آئی) پاکستان اور سری لنکا کے درمیان کھیلے گئے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سیریز کے پانچویں میچ کے بعد سری لنکن ٹیم کے بولنگ کوچ رائن وان ٹیکرٹ نے کہا ہے کہ ٹیم کے بولرز نے کرکٹ میچ کی خامیوں پر قابو پالیا ہے، شاہد آفریدی کپتان کیا اور جارحانہ انداز میں میڈیکل کارپوریشن گرانٹ منظور بنائی۔ میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے پوائنٹ کے دائیں طرف 430 رنز بنانے کے بعد بولنگ میں کارکردگی کو بھی سراہا اور کہا کہ تمام بولرز نے ایک دوسرے کا بھرپور ساتھ دیا۔ ٹاس کے فیصلے کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ ٹی ٹوئنٹی میچ کے پہلے ہاف میں ہمارا فیصلہ کرنا آسان نہیں ہوتا اور ہم نے بھی پہلے سے کوئی حتمی حکمت عملی طے نہیں رکھی تھی، تاہم ٹاس اپنے حق میں آنے سے انہیں فائدہ ہوا۔ حنانٹین کرکٹ کے نام پر پنجاب رائن وان ٹیکرٹ نے کہا کہ گرانی میشن سیریز میں اب تک بہترین کرکٹ دیکھنے کو ملی ہے۔

ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں 71 میچز سے لاہور میں شروع ہوگی

11 ٹیموں پاکستان نیشنل ٹریک سائیکلنگ چیمپئن شپ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سائیکلنگ فیڈریشن کے زیر اہتمام 71 ویں پاکستان نیشنل ٹریک سائیکلنگ چیمپئن شپ 11 دسمبر سے نشتر پارک، لاہور میں شروع ہوگی۔ پاکستان سائیکلنگ فیڈریشن کے صدر سید اظہر علی شاہ نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں شروع کرنے کی بھی ہیں اور چیمپئن شپ میں ملک بھر سے فیڈریشن کے ساتھ منسلک ڈسٹرکٹ، صوبائی اور ریجنل کے مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لیں گے اور چیمپئن شپ میں دو ٹیکنیکل کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں ایلیٹ اور جونیئر کے مقابلے رکھے گئے ہیں۔

حارث رؤف کو 20 فیصد، انگلینڈ کی ٹیم کو 15 فیصد جرمانہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے فاسٹ بلر حارث رؤف پر انگلینڈ کے خلاف میچ میں کوآف کنڈکٹ کی خلاف ورزی پر میچ فیس کا 20 فیصد جرمانہ عائد کر دیا گیا۔ انگلینڈ کی ٹیم پر بھی سلو اوور ریٹ کی وجہ سے میچ فیس کا 15 فیصد جرمانہ کیا گیا ہے، انگلینڈ نے مقررہ وقت میں 3 اوورز کم کرائے تھے۔ حارث رؤف کو آئی سی سی کوآف کنڈکٹ کے لیول ون کی خلاف ورزی پر جرمانہ کیا گیا۔ تین ملی سیریز میں بھی شرکت برحسلنے نے ٹیسٹ کے فرض عہد میں عرب کے بڑے عالمی کھیلوں کے مقابلوں کو اہم کرکے طور پر مستحکم کرنے میں مدد ملے گی۔

چیل اسٹارک ونیم اکرم کا ریکارڈ توڑنے کے قریب پہنچ گئے

کیپ ٹاؤن (این این آئی) سنرلیا کے اسٹار فاسٹ بلر چیل اسٹارک ساؤتھ افریقا کپتان ونیم اکرم کا ریکارڈ توڑنے کے قریب پہنچ گئے۔ کیپ ٹاؤن میں کھیلے جارہے جوہنی افریقا کے خلاف تیسرے ٹیسٹ میچ میں اسٹارک نے 72 رنز کے عوض 6 وکٹیں حاصل کیں۔ یہ ان کے ٹیسٹ کیریئر میں 20 ویں موقع ہے۔

گوادر، ڈسٹرکٹ جنرل لیگ فٹبال چیمپئن شپ 2026 کے آٹھویں روز دو مقابلے

نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتیں منوانے کے مواقع فراہم کرنے کا عزم، کھیلوں کی ترقی کے ذریعے مثبت معاشرتی رجحانات کو تقویت دینا ہے

گوادر (ن ل) اوارد قریات گوادر (GDA) کے ڈائریکٹر جنرل معین الرحمٰن خان اور چیئرمین ضلع کونسل گوادر شیخ مختار کے تعاون سے ڈسٹرکٹ فٹبال ایسوسی ایشن (DFA) گوادر کے صدر میر اظہر گھمبی کی زیر اہتمام جاری ڈسٹرکٹ جنرل لیگ فٹبال چیمپئن شپ 2026 کے آٹھویں روز دو مقابلے کھیلے گئے، جن میں یک بلوچ فٹبال کلب کی پہلے جیتی میں یک بلوچ فٹبال کلب نے یک جان فٹبال کلب کو ایک صفر سے شکست دی، جبکہ دوسرے مقابلے میں گزوان یونائیٹڈ فٹبال کلب

آل پاکستان نیشنل ریسٹلنگ ہیڈ منشن ٹورنامنٹ کی تیاریاں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نیشنل فیڈریشن نے جارحانہ اور ڈسپلن کے ساتھ ریسلنگ ہیڈ منشن ٹورنامنٹ 2 نومبر سے پاکستان سپورٹس کمپلیکس روم ہال، اسلام آباد میں شروع ہوگا۔ پاکستان ہیڈ منشن فیڈریشن کے صدر واجد علی چوہدری نے بتایا کہ تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں اور چیمپئن شپ میں پاکستان واپڈا، پاکستان آرمی، پاکستان ریلوے، سوئی ناردرن گیس پائپ لائن سمیت پنجاب، بلوچستان، سندھ، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، آزاد جموں و کشمیر اور اسلام آباد کے مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لیں گے۔ ٹورنامنٹ میں میچز سنگلز، ریلے ریسز، سینڈ ڈبلز اور مکسڈ ڈبلز کے ایونٹ رکھے گئے ہیں۔

7 رکنی قومی ینگ پن بالنگ ٹیم 28 ویں ایشین بالنگ چیمپئن شپ میں شرکت کرے گی

اسلام آباد (این این آئی) سات رکنی قومی ینگ پن بالنگ ٹیم 28 ویں ایشین بالنگ چیمپئن شپ میں شرکت کرے گی۔ یہ چیمپئن شپ 12 سے 22 نومبر تک قطر کے دارالحکومت دوحہ میں کھیلی جائے گی۔ گزشتہ روز پاکستان ینگ پن بالنگ فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل ظفیلنیٹ ترکل (ر) کامران خالد جنجوعہ نے 7 رکنی قومی ینگ پن بالنگ ٹیم کے کھلاڑیوں کے ناموں کا اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ شاہ سلذرا، غضنفر بلال، عبد المعیز، دانیل شاہ، دانیال الرحمٰن اور اعجاز الرحمٰن پر مشتمل ٹیم ہوگی جبکہ اہلیہ علی ٹیم منیجر کی ذمہ داریاں نبھائیں گے۔ 28 ویں ایشین بالنگ چیمپئن شپ میں ایشیائی ممالک کے باؤلرز حصہ لیں گے۔

71 ویں پاکستان نیشنل ٹریک سائیکلنگ چیمپئن شپ 11 دسمبر سے لاہور میں شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سائیکلنگ فیڈریشن کے زیر اہتمام 71 ویں پاکستان نیشنل ٹریک سائیکلنگ چیمپئن شپ 11 دسمبر سے نشتر پارک، لاہور میں شروع ہوگی۔ پاکستان سائیکلنگ فیڈریشن کے صدر سید اظہر علی شاہ نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں اور چیمپئن شپ میں ملک بھر سے فیڈریشن کے ساتھ منسلک ڈسٹرکٹ، صوبائی اور ریجنل کے مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لیں گے اور چیمپئن شپ میں دو ٹیکنیکل کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں ایلیٹ اور جونیئر کے مقابلے رکھے گئے ہیں۔

ترکیہ سپر لیگ، میچ کے بعد کھلاڑیوں کے درمیان شدید ہاتھا پائی

استنبول (این این آئی) ترکیہ کی سپر لیگ میں گالاتا سرائے اور اس کی حریف ٹیم فنر باہچے کے درمیان میچ کے بعد کھلاڑی میدان جنگ بن گئی اور ہاتھا پائی ہوئی۔ ترکی کا شیشلی ڈربی میں 2-1 سے شکست کے بعد فنر باہچے کے کھلاڑی غصے میں آگئے جس کے باعث صورتحال قابو سے باہر ہوگئی اور میچ کے ارکان کو معاملہ سنبھالنے کے لیے میدان میں آنا پڑا۔ میچ کے اختتام پر فنر باہچے کے کھلاڑی کریم کاراتوفلو اور مخالف کھلاڑیوں کے درمیان تیز کلامی کے بعد گالاتا سرائے کے کپتان عبدالکریم

پاکستان ٹیم عباس آفریدی کی قیادت میں ہانگ کانگ سکسرز کیلئے روانہ

3 روزہ ٹورنامنٹ 30 اکتوبر سے کچھ نومبر تک کھیلا جائے گا جس میں 12 ٹیمیں شرکت کریں گی

لاہور (این این آئی) ہانگ کانگ سکسرز کرکٹ ٹورنامنٹ کے لیے پاکستان ٹیم عباس آفریدی کی قیادت میں روانہ ہوگئی۔ واضح رہے کہ 3 روزہ ٹورنامنٹ 30 اکتوبر سے کچھ نومبر تک کھیلا جائے گا جس میں 12 ٹیمیں شرکت کریں گی۔ ٹورنامنٹ میں شریک ٹیموں کو 4 گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے، پاکستان کو گروپ بی

آل سندھ بلوچ ہی آصفہ چھلوندراری اور ٹیمن قمر وہال چیمپئن شپ 8 نومبر سے سکھر میں شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) سندھ قمر وہال ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام اور سندھ سپورٹس بورڈ چیمپئن اخبر پارلیامنٹ کے تعاون سے آل سندھ بلوچ ہی آصفہ چھلوندراری ویمن قمر وہال چیمپئن شپ 8 نومبر سے سکھر میں شروع ہوگی۔ گزشتہ روز سندھ قمر وہال ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری شاہد خان یوطوفی نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں اور سندھ قمر وہال ایسوسی ایشن کے صدر قبول آرائیں نے چیمپئن شپ منعقد کرانے کی منظوری دے دی ہے۔ چیمپئن شپ میں سندھ بھر سے تیمیں حصہ لے رہی ہیں اور چیمپئن شپ کے ڈرائی اعلان 7 نومبر کو کیا جائے گا۔

اسلام آباد میں آئندہ ماہ تین جونیئر انٹرنیشنل ٹینس ٹورنامنٹ منعقد ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹینس فیڈریشن کے زیر اہتمام نومبر میں دو لڈیشنل جونیئر ٹورنامنٹ تین بین الاقوامی ٹینس ٹورنامنٹس اسلام آباد میں کھیلے جائیں گے جن میں بلی جین کنگ جونیئر کھلاڑی اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گے۔ شیڈول کے مطابق پہلے 60 انٹرنیشنل جونیئر ٹینس ٹورنامنٹ 2 سے 8 نومبر تک کھیلا جائے گا جبکہ دوسرا ایونٹ 30 نومبر 9 سے 14 نومبر تک منعقد ہوگا۔ تیسرا ایونٹ 30 نومبر 16 سے 21 نومبر تک کھیلا جائے گا۔ تینوں بین الاقوامی ایونٹس پاکستان ٹینس فیڈریشن کے زیر اہتمام پی ٹی ایف ٹینس کمپلیکس اسلام آباد میں منعقد ہوں گے۔ ان مقابلوں کا انعقاد پاکستان میں جونیئر ٹینس کے فروغ، نوجوان کھلاڑیوں کو بین الاقوامی تجربہ فراہم کرنے اور عالمی سطح پر اپنی رینکنگ بہتر بنانے کے مواقع دینے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

پی سی بی اور نخی بیک کے درمیان اسکوئر ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے لیے معاہدہ

اسکوئر ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام" کے لیے اسپانسرشپ کی مد میں مجموعی طور پر 10 کروڑ روپے فراہم کرے گا

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) اور نخی بیک کے درمیان "اسکوئر ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام" کے لیے معاہدہ ہوا ہے۔ کرکٹ کو اسکوئر کی سطح پر فروغ دینے کے لیے پاکستان کرکٹ بورڈ اور نخی بیک کے درمیان "اسکوئر ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام" معاہدہ ہوا ہے۔ تفدانی اسٹیڈیم میں ہوئی جس میں چیف کمرشل اینڈ ریٹیل بینکنگ ناظم عابد انور نے معاہدے پر دستخط کیے۔ تقریب میں چیئرمین پی سی بی مہمان خصوصی تھے جبکہ وزیر اطلاعات عطا تارڑ، ایم این اے عون چوہدری، وفاقی وزیر شرکت کی۔ ۔۔معاہدے کے مطابق نخی بیک "اسکوئر ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام" کے لیے

کینیڈا کپ اسکواش کے کوارٹر فائنل میں نور زمان کو شکست

نور زمان کو قطر ڈیسٹ مصر کے محمد الشہدا بھی 3-1 سے ہرایا، دونوں کھلاڑیوں کا سنسنی خیز مقابلہ 67 منٹ تک جاری رہا، اینٹ سنسنی خیز مقابلہ 67 منٹ تک جاری رہا۔ اینٹ کوارٹر فائنل کھیلیں گے۔

اوٹاوا (این این آئی) کینیڈا کپ اسکواش ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں پاکستان کے نور زمان کو شکست ہوگئی، پاکستان کے کوارٹر فائنلسٹ نور زمان کو قطر ڈیسٹ مصر کے محمد الشہدا بھی کے

یہ بالکل نئی وکٹ تھی، نہیں پتہ تھا کہ وکٹ کیسی رہے گی، سری لنکن بولنگ کوچ

ہم نے بولنگ میں اپنا پلان تبدیل کیا اور جارحانہ کرکٹ کھیلی، میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) سری لنکا کے بولنگ کوچ رہان وین ٹیکرٹ نے پاکستان کے خلاف میچ میں کامیابی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ بالکل نئی وکٹ تھی اور آپ کو نہیں پتہ ہوتا کہ وکٹ کیسی رہے گی۔ میڈیا سے گفتگو میں سری لنکن بولنگ کوچ نے کہا کہ ہماری شوٹھی تھی کہ بلاور بولنگ پوائنٹ پر بیک کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چند وکٹوں کی ایک اننگز لیگ لیگ اسپن کی ایل کی ایل اور پھر انگلینڈ کی ٹیلی ایل ٹیلنٹس کے ساتھ بہت کی تھی۔

توڑنے کے قریب پہنچ گئے

ایمپائر کے ماؤز تنگ سے متعلق متنازع بیان، چین میں لالیگا کی نشریات معطل

یہ فیصلہ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ایک ویڈیو میں فرانسیسی اسٹار کے تبصروں کے بعد سامنے آیا ہے

بیجنگ (این این آئی) ریال میڈرڈ کے فرانسیسی فارورڈ کائیلین ایمباپے کے چینی رہنما ماؤزے تنگ سے متعلق متنازع بیان کے بعد چین میں لالیگا کی نشریات معطل کردی گئی۔ ہسپانوی میڈیا کے مطابق چین کے سرکاری نشریاتی ادارے سی سی ٹی وی (سی ایم جی) نے لالیگا کے میچز نشر نہ کرنے کا اعلان کردیا ہے۔ چین کے سرکاری ٹیلی ویژن نیٹ ورک سی سی ٹی وی کو شہرانی کرنے والے ادارے سی ایم جی نے منگل کے روز جاری بیان میں کہا کہ اتھلیٹک فٹبال لیگ لالیگا کے مجموعی نشریات معطل کردی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ ایمباپے سے متعلق اشتہارات

نیشنل ماس ریسلنگ چیمپئن شپ نارتھ پنجاب نے جیت لی

وفاقی وزیر اور سنگر نصیبو لعل، رانا قاسم نون، اومیمین صدف صدیقی کی شرکت

خان بھگی، چیئرمین کشمیر سیٹی رانا قاسم نون، چیئرمین پاکستان ماس ریسلنگ فیڈریشن نواب فرحان، اومیمین صدف صدیقی، پاکستان میں کرغز ریسلنگ کے ناظم اعلیٰ اور آپریٹر، پاکستان سپورٹس بیورو کے ڈائریکٹر جنرل محمد مسعود، سابق ڈی جی پی ایس پی اختر اوتار کنجر، اسیت، دیگر شخصیات نے اختتامی تقریب میں شرکت کی۔

گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کے ابتدائی کوچ اولمپکن کی کارکردگی سے مایوس

ضرورت اس امر کی ہے کہ ارشد ندیم کو جدید ترین تربیت کے مواقع فراہم کیے جائیں، فیاض بخاری

کوچ اور کے شعلق خانعلدان کی تحصیل میاں چنوں کے ایک گاؤں میں پیدا ہونے والے ارشد ندیم اپنی قدرتی قامت اور طاقت کے سبب کھیلوں کے لیے مناسب تھے۔ ارشد ندیم کرکٹ کھیل اور کبڈی کھیلتے رہے۔ ارشد ندیم میں قدرتی صلاحیتیں موجود تھیں۔ بہتر ملی مسائل کے حامی ہیں پاکستان واپڈا میں ملازمت حاصل کرنے کے لیے آنے والے ارشد ندیم میں پوشیدہ اہلیت اور صلاحیتوں کو دیکھ کر جوہیں تھرو مقابلوں میں بھرتی کرنے کے لیے ان کی رہنمائی کی اور اس حضمن میں بھرپور محنت کی۔ ارشد ندیم نے بھی اپنے مقصد کے حصول کے لیے جان کی بازی لگا دی اور جدوجہد کا سلسلہ جاری رکھا۔ ان کی محنت رنگ لائی۔ بھارت کے شہر گوہاٹی میں 2016 میں ساتھ ایشین گیمز میں 55.33 میٹر دور نیزہ پھینک کر برانز میڈل جیتنے سے ارشد ندیم میں حوصلہ پیدا ہوا اور آگے بڑھنے کی لگن ان کے اندر محنت پر آسایہ کرنے لگی۔ بھارت و شہر بنگلا دیش ایشین گیمز 2018 میں ارشد ندیم نے نئے قومی ریکارڈ کے ساتھ 80.75 میٹر دور نیزہ پھینک کر تیسری پوزیشن حاصل کی۔

انگلش فٹبال کی تاریخ میں سب سے بڑا اپ سیٹ، آرسنل کو فلیٹ وڈ کے ہاتھوں شکست

لاہور (این این آئی) انگلش فٹبال کے کارنامہ میں تاریخ کا بڑا اپ سیٹ سامنے آیا ہے جہاں فلیٹ وڈ کی ٹیم فلیٹ وڈ ٹاؤن نے منسٹوڈ ٹریف آرسنل کو پنالٹی شوٹ آؤٹ میں 3-5 سے شکست دے کر کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی۔ انگلش فٹبال کے چوتھے درجے میں کھیلنے والی فلیٹ وڈ ٹاؤن ٹیم نے اپنے ہوم گراؤنڈ باہیرن اسٹیڈیم میں آرسنل جیسی بڑی ٹیم کو شکست دے کر کھلاڑی تاریخ کی اس تہرین کامیابیوں میں سے ایک حاصل کی۔

کینیڈا کپ اسکواش کے کوارٹر فائنل میں نور زمان کو شکست

نور زمان کو قطر ڈیسٹ مصر کے محمد الشہدا بھی 3-1 سے ہرایا، دونوں کھلاڑیوں کا سنسنی خیز مقابلہ 67 منٹ تک جاری رہا، اینٹ سنسنی خیز مقابلہ 67 منٹ تک جاری رہا۔ اینٹ کوارٹر فائنل کھیلیں گے۔

اوٹاوا (این این آئی) کینیڈا کپ اسکواش ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں پاکستان کے نور زمان کو شکست ہوگئی، پاکستان کے کوارٹر فائنلسٹ نور زمان کو قطر ڈیسٹ مصر کے محمد الشہدا بھی کے

یہ بالکل نئی وکٹ تھی، نہیں پتہ تھا کہ وکٹ کیسی رہے گی، سری لنکن بولنگ کوچ

ہم نے بولنگ میں اپنا پلان تبدیل کیا اور جارحانہ کرکٹ کھیلی، میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) سری لنکا کے بولنگ کوچ رہان وین ٹیکرٹ نے پاکستان کے خلاف میچ میں کامیابی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ بالکل نئی وکٹ تھی اور آپ کو نہیں پتہ ہوتا کہ وکٹ کیسی رہے گی۔ میڈیا سے گفتگو میں سری لنکن بولنگ کوچ نے کہا کہ ہماری شوٹھی تھی کہ بلاور بولنگ پوائنٹ پر بیک کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چند وکٹوں کی ایک اننگز لیگ لیگ اسپن کی ایل کی ایل اور پھر انگلینڈ کی ٹیلی ایل ٹیلنٹس کے ساتھ بہت کی تھی۔

آل کراچی کیمازی فٹ بال ٹورنامنٹ میں گولڈن اسٹار کلب نے اگلے راؤنڈ میں جگہ بنالی

کراچی (این این آئی) آزادشاہین فٹ بال کلب کے زیر اہتمام جاری آل کراچی کیمازی فٹ بال ٹورنامنٹ میں گولڈن اسٹار کلب نے اگلے راؤنڈ کے لیے کوالیفائی کرلیا ہے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن کیمازی کراچی کے جنرل سیکرٹری اسلام الدین اور آزادشاہین فٹ بال کلب کے سیکرٹری محمد نواب کے علاوہ شائقین کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔ بنارس فٹ بال گراؤنڈ میں کھیلے گئے میچ میں گولڈن اسٹار کلب نے سنگھین یونین کلب کو 0-3 سے ہرا کر اگلے راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا ہے۔ سنگھین یونین کلب کے کھلاڑیوں نے مارجن کم کرنے کی بھرپور کوشش کی لیکن کامیاب نہ ہوسکے۔

آئی سی سی رینکنگ، ون ڈے میں پاکستان کا کوئی بیٹر ٹاپ 5 میں شامل نہیں، بابر اعظم نویں نمبر پر چلے گئے

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے ون ڈے انٹرنیشنل میں کھلاڑیوں کی رینکنگ جاری کردی جس میں پاکستان کا کوئی کھلاڑی ٹاپ 5 بیٹرز میں شامل نہیں۔ آئی سی سی کی جانب سے جاری ون ڈے رینکنگ میں بھارت کے شبمن گل بلے باز دوسرے نمبر پر برقرار ہیں جبکہ بنگلہ دیش کے لٹن داس کو دوسری اور بھارت کے وراٹ کوہلی کی تیسری پوزیشن برقرار ہے۔

ایمپائر کے ماؤز تنگ سے متعلق متنازع بیان، چین میں لالیگا کی نشریات معطل

یہ فیصلہ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ایک ویڈیو میں فرانسیسی اسٹار کے تبصروں کے بعد سامنے آیا ہے

بیجنگ (این این آئی) ریال میڈرڈ کے فرانسیسی فارورڈ کائیلین ایمباپے کے چینی رہنما ماؤزے تنگ سے متعلق متنازع بیان کے بعد چین میں لالیگا کی نشریات معطل کردی گئی۔ ہسپانوی میڈیا کے مطابق چین کے سرکاری نشریاتی ادارے سی سی ٹی وی (سی ایم جی) نے لالیگا کے میچز نشر نہ کرنے کا اعلان کردیا ہے۔ چین کے سرکاری ٹیلی ویژن نیٹ ورک سی سی ٹی وی کو شہرانی کرنے والے ادارے سی ایم جی نے منگل کے روز جاری بیان میں کہا کہ اتھلیٹک فٹبال لیگ لالیگا کے مجموعی نشریات معطل کردی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ ایمباپے سے متعلق اشتہارات

آل پاکستان نیشنل ریسٹلنگ ہیڈ منشن ٹورنامنٹ کی تیاریاں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نیشنل فیڈریشن نے جارحانہ اور ڈسپلن کے ساتھ ریسلنگ ہیڈ منشن ٹورنامنٹ 2 نومبر سے پاکستان سپورٹس کمپلیکس روم ہال، اسلام آباد میں شروع ہوگا۔ پاکستان ہیڈ منشن فیڈریشن کے صدر واجد علی چوہدری نے بتایا کہ تیاریاں شروع کردی گئی ہیں اور چیمپئن شپ میں پاکستان واپڈا، پاکستان آرمی، پاکستان ریلوے، سوئی ناردرن گیس پائپ لائن سمیت پنجاب، بلوچستان، سندھ، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، آزاد جموں و کشمیر اور اسلام آباد کے مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لیں گے۔ ٹورنامنٹ میں میچز سنگلز، ریلے ریسز، سینڈ ڈبلز اور مکسڈ ڈبلز کے ایونٹ رکھے گئے ہیں۔

JOIN PUBLIC SERVICE
BALOCHISTAN QUOTA

Government of Pakistan (Ministry of Defence) Pakistan Military Accounts Department,
Military Accountant General Office Kashmir Road Saddar Rawalpindi

سرکاری ملازمت اختیار کریں — بلوچستان کوٹہ
سرکاری خدمت ءَ ھوار بیبت — بلوچستان ءِ کوٹہ

Your Land. Your Future. Your Pakistan.
آپ کی سرزمین۔ آپ کا مستقبل۔ آپ کا پاکستان
شمئے زمین۔ شمئے باندات۔ شمئے پاکستان

Courage, Honour and Loyalty
The Identity of Balochistan's Youth
ہمت، غیرت اور وفا — پہچان بلوچستان کے جوان کی
ہمت، غیرت ءُ وفا — بلوچستان ءِ جوانانی پچّار

Positions Available	Bps	Number of vacancies	Age limit	Last qualification
Naib Qasid	01	11	18-30 years	Primary pass

TERMS AND CONDITIONS
1. Only Eligible / Short-listed candidates will be called for test / interview.
2. Employees of the Government/Semi Government Department / Organization etc. may apply through proper channel.
3. Number of vacancies can be increased/ decreased at any stage before final selection.
4. Hard copies of educational certificates are not required to send at this stage.
5. Age/Education will be calculated with effect from the closing date of receipt of applications i.e. 11.11.2026.
6. General age relaxation of Five (05) years is already included in age

کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا A.B.C Certified بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ
روزنامہ عوام کوئٹہ
MEMBER OF APNS
ایڈیٹر انچیف
وسیم احمد

یمنی فوج کے حوثیوں کیخلاف حملے اور جنگجو ہلاک کرنے کا دعویٰ

440 کمانڈرز کا کنٹرول دوبارہ حاصل کرنے کے لیے آپریشن جاری ہے، یمنی فورسز، حوثی ملیشیا کو شکست دینے کیلئے عالمی اتحاد تشکیل دینے کی ضرورت ہے، سعودی سفیر برائے امریکا

آبنائے باب المندب کا کنٹرول دوبارہ حاصل کرنے کے لیے آپریشن جاری ہے، یمنی فورسز، حوثی ملیشیا کو شکست دینے کیلئے عالمی اتحاد تشکیل دینے کی ضرورت ہے، سعودی سفیر برائے امریکا

ریاض/صنعا (این این آئی) یمنی مسلح افواج نے دعویٰ کیا ہے کہ فوجی آپریشن کے دوران گزشتہ 24 گھنٹوں میں 1300 سے زائد فضائی حملے کیے گئے جن میں حوثی گروپ کے کمانڈ سینٹرز، جنگجوؤں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا۔ ادھرکمن نے حوثی گروپ کے اس دعوے کو مسترد کردیا ہے کہ اس نے آبنائے باب المندب کے علاقے میں یمنی فوج کی چیک پوسٹ تباہ کر دی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے نے بتایا کہ یمنی حکومت کے مطابق باب المندب کا کنٹرول دوبارہ حاصل کرنے کے لیے فوجی آپریشن جاری ہے، فوجی آپریشن کے دوران حوثی جنگجوؤں اور ان کے جنگی سازوسامان کو نقصان پہنچایا گیا ہے۔ یمنی مسلح افواج نے دعویٰ کیا کہ فوجی آپریشن کے دوران 24 گھنٹوں میں 1300 سے زائد فضائی حملے کیے گئے جن میں حوثی گروپ کے کمانڈ سینٹرز، جنگجوؤں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا۔ ادھرکمن نے حوثی گروپ کے اس دعوے کو مسترد کردیا ہے کہ اس نے آبنائے باب المندب کے علاقے میں یمنی فوج کی چیک پوسٹ تباہ کر دی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے نے بتایا کہ یمنی حکومت کے مطابق باب

انتھوپیا، آکسفورڈ کی طیبہ ائیوں پر مسلح حملوں میں 60 افراد ہلاک

ادیس ابابا (این این آئی) انتھوپیا کے علاقے اورومیا میں آکسفورڈ کی طیبہ ائیوں کے دیہات اور گرجا گھروں پر مسلح

(بقیہ نمبر5 صفحہ 6)

جنوبی افریقہ: تارکین وطن مخالف مظاہروں کے پیش نظر 500 سے زائد فوجی تعینات

ڈربن (این این آئی) جنوبی افریقہ کے شہر ڈربن میں تارکین وطن کے خلاف مظاہروں اور تشدد پر قابو پانے کے لیے 500 سے زائد فوجی تعینات کر دیے گئے ہیں۔ فوجیوں کی تعیناتی گزشتہ ہفتے ایک غیر ملکی شہری کے قتل کے بعد عمل میں آئی جس تقریباً 50 مشتعل افراد کے ہجوم نے تشدد کا نشانہ بنا کر ہلاک کر دیا تھا۔ رواں ماہ ڈربن اور جوہانسبرگ کے قریب سویٹو میں تارکین وطن مخالف احتجاج کے دوران دکانوں اور

(بقیہ نمبر3 صفحہ 6)

لندن، آکسفورڈ اسٹریٹ پر اب ہوگا پیدل چلنے والوں کا راج، بڑا حصہ ٹریفک کیلئے بند

آکسفورڈ اسٹریٹ میں تقریباً ایک کلومیٹر میں ٹریفک کو ختم کرنے والے آزادانہ ہجوم پیرا سیس کے بعد لندن

لندن (این این آئی) آکسفورڈ اسٹریٹ پر اب پیدل چلنے والوں کا راج ہوگا، لندن کی اس مشہور سڑک کے ایک بڑے حصہ کو ٹریفک کیلئے بند کر دیا گیا ہے۔ برطانوی میڈیا رپورٹ کے مطابق آکسفورڈ اسٹریٹ، آرچڈ اسٹریٹ سے گریٹ پورٹ لینڈ اسٹریٹ تک ہوں،

(بقیہ نمبر4 صفحہ 6)

قاسم سلامی کیلئے غیر ملکی مداخلت ضروری ہے
علاقائی امن کیلئے فوجی کا خاتمہ ضروری ہے ایران

حالیہ اجلاس میں ایران، سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ نے شرکت کی، جو علاقائی امن وسلامتی اور خطرات وچیلنجز سے نمٹنے کے لیے مشترکہ کوششوں پر بات چیت آگے بڑھانے کا ایک اہم موقع ثابت ہوا، عباس عراقچی

تہران (این این آئی) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ خطے میں پائیدار سلامتی علاقائی ممالک کو خود یقینی بنانا ہوگی، جس کے لیے غیر ملکی فوجی موجودگی اور مداخلت کا خاتمہ ضروری ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری عباس عراقچی نے لکھا کہ خطے کو خود یقینی بنانا ہوگی، جس کے لیے غیر ملکی فوجی موجودگی اور مداخلت کا خاتمہ ضروری ہے۔ سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ نے شرکت کی، جو علاقائی امن وسلامتی اور خطرات وچیلنجز سے نمٹنے کے لیے مشترکہ کوششوں پر بات چیت آگے بڑھانے کا ایک اہم موقع ثابت ہوا۔ انہوں نے کہا کہ مشاورت کا سلسلہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ ایران کے وزیر خارجہ کے مطابق دیرپا

(بقیہ نمبر7 صفحہ 6)

سرہیا، اسرائیلی سفارتخانے کے باہر چاقو حملہ، حملہ آور ہلاک

بغداد (این این آئی) سرہیا کے دارالحکومت بغداد میں اسرائیلی سفارتخانے کے باہر مبینہ طور پر ایک شخص نے چاقو سے کارروائی کی جس کے بعد پولیس نے حملہ آور کو ہلاک کر دیا۔ سرچین وزارت داخلہ کے مطابق حملہ آور ہلاکت کی شناخت ظاہر نہیں کی گئی۔ حملہ آور نے 2 چاقوؤں سے

(بقیہ نمبر6 صفحہ 6)

اسرائیل کی سٹارلنک صارفین کی جاسوسی کا انکشاف

اسرائیلی کمپنی ڈسکورٹیک ڈیجیٹل اشتہارات کے ذریعے جاسوسی کرتی ہے، محققین

نیویارک (این این آئی) سپیس ایکس کمپنی کی سیٹلائٹ انٹرنیٹ سروس سٹارلنک " کو ایک نئی نوعیت کے سیکورٹی چیلنج کا سامنا ہے۔ سائبر سکیورٹی کے محققین نے ایک اسرائیلی اشتہاری ٹیکنالوجی کمپنی کی وسیع سرگرمیوں کا انکشاف کیا ہے، جن کا ہدف 100 سے زائد ممالک میں اس سروس کے صارفین ہیں۔ اس سلسلے میں چھ ماخبر ذرائع نے تصدیق کی ہے کہ ڈیجیٹل سکیورٹی کی ایک کمپنی کے ماہرین نے حال ہی میں دریافت کیا کہ ایک اسرائیلی اشتہاری ٹیکنالوجی کمپنی سٹلائٹ کے ذریعے انٹرنیٹ فراہم کرنے والی سروس سٹارلنک کے صارفین کو بڑے پیمانے پر ہدف بنا رہی ہے۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق اس کا ممکنہ مقصد ان کی جاسوسی کرنا ہے۔ ذرائع نے مزید

(بقیہ نمبر17 صفحہ 6)

کشمیری عوام اپنے حق خود ارادیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے، علی رضا سید

مسئلہ کشمیر محض ایک علاقائی تنازع نہیں بلکہ یہ ایک مسلمہ بین الاقوامی مسئلہ ہے، خطاب

سرینگر (این این آئی) کشمیر کونسل یورپ نے جنیوا میں علی رضا سید نے کہا ہے کہ 27 اکتوبر 1947 جموں وکشمیر کی تاریخ کا ایک سیاہ ترین دن ہے جب بھارت نے کشمیری عوام کی امنگوں اور مرضی کے خلاف اپنی فوجیں سرینگر میں اتار کر ریاست جموں وکشمیر کے ایک بڑے حصے پر فوجی قبضے کا آغاز کیا، کشمیری عوام اس اقدام کو اپنے بنیادی حقوق، آزادی اور حق خود ارادیت کے

(بقیہ نمبر16 صفحہ 6)

طائف حوثیوں کے داغے گئے میزائل روک کر تباہ کر دیئے، سعودی دارالحکومت ریاض میں جاری کی گئی ممکنہ حملے کی وارننگ کچھ دیر بعد واپس لے لی گئی، بیان

جدہ اور ینبع میں جاری کی گئی ممکنہ حملے کی وارننگ کچھ دیر بعد واپس لے لی گئی، بیان

ریاض (این این آئی) سعودی فوجی اتحاد نے کہا ہے کہ طائف پر حوثیوں کی جانب سے داغے گئے بیلسٹک میزائل کو روک کر تباہ کر دیا۔ سعودی سول ڈیفنس کے مطابق سعودی دارالحکومت ریاض میں شہریوں اور مقیم غیر ملکیوں کو حفاظتی ہدایات پر عمل کرنے کی تاکید کی ہے۔ میزائلوں یا ڈرونز کو روکنے کے واقعات اور ان کے ملبے کو نقصان کے مقامات کی ویڈیوز بنانے یا

(بقیہ نمبر8 صفحہ 6)

حوثی میزائلوں کا ملبہ گرنے سے ایک عمارت، تجارتی سائٹ اور گاڑی کو نقصان پہنچا ہے۔ سعودی شہریوں جدہ اور ینبع میں جاری کی گئی ممکنہ حملے کی وارننگ کچھ دیر بعد واپس لے لی گئی۔ سعودی شہری دفاع نے

روس ویکرین کے ایک دوسرے پر ڈرون ومیزائل حملے، 2 افراد ہلاک

ماسکو (این این آئی) روس کے زیر انتظام علاقے زاپوریژیا میں مسافر بس پر ڈرون حملے میں 1 شخص ہلاک اور 30 زخمی ہو گئے۔ روسی حکام کے مطابق شہر ریانسک میں بھی یوکرینی ڈرون حملے میں 1 شخص ہلاک اور 6

(بقیہ نمبر10 صفحہ 6)

یمن ایئرویز کی فلائٹ حادثے سے بال بال بچ گئی

شدید ژالہ باری سے طیارے کی ونڈ اسکرین کو نقصان

صنعا (این این آئی) یمن سے اردن پہنچنے والی مسافر بردار ونڈ ایئر، شدید طوفان اور ژالہ باری کی زد میں آ گئی، جس سے طیارے کے اگلے حصے اور پائلٹ کیبن میں شدید نقصان پہنچا تاہم پائلٹ نے نیمز معمولی مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے جہاز کو

(بقیہ نمبر9 صفحہ 6)

ایران جنگ اخراجات 47 ارب ڈالر سے متجاوز کر گئے، پینٹا گون

تہران (این این آئی) ایران کے خلاف جنگی کارروائیوں پر امریکا کے اخراجات 47 ارب ڈالر سے متجاوز کر گئے۔ پینٹا گون کے اعداد و شمار کے مطابق یہ رقم جولائی میں محکمہ دفاع کے تخمینے سے بھی 25 فیصد زیادہ ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق اعداد و شمار میں ایرانی

(بقیہ نمبر11 صفحہ 6)

ایران 1979 سے امریکا کے خلاف جنگ لڑ رہا ہے، ٹرمپ

امریکی رہنماؤں کو کئی دہائیوں قبل ایران کے خلاف کارروائی کرنی چاہیے تھی، خطاب

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران 1979 سے امریکا کے خلاف جنگ لڑ رہا ہے اور ہزاروں امریکی فوجیوں کی ہلاکت کا ذمہ دار ہے۔ نیکساس میں ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ امریکا نے ایران کے ساتھ جنگ شروع نہیں کی بلکہ ایران 1979 سے امریکا کے خلاف جنگ لڑ رہا ہے۔ انہوں نے تہران پر ہزاروں امریکی فوجیوں کو ہلاک کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ سابق امریکی رہنماؤں کو کئی دہائیوں قبل ایران کے خلاف کارروائی کرنی چاہیے تھی لیکن ان میں ایسا کرنے کی ہمت یا دانش مندی نہیں تھی۔ ٹرمپ

(بقیہ نمبر3 صفحہ 6)

مصری سعودی عرب کو فوجی مدد دینے میں اسے یمن کے خلاف اعلان جنگ قرار دے دیا

صنعا (این این آئی) یمن کے حوثی رہنما محمد علی الحوثی نے مصری جانب سے سعودی عرب کے دفاع کے لیے فوجی حمایت کی اجازت دینے کے فیصلے کو یمن کے خلاف اعلان جنگ قرار دیا ہے۔ فرانسیسی خبر رساں ادارے کے مطابق حوثی سیاسی بیورو کے رکن محمد علی الحوثی نے

(بقیہ نمبر14 صفحہ 6)

سرحد عبور کر کے اسرائیل میں داخل ہونیوالا مصری شہری زیر حراست

شہری کو مزید پوچھ گچھ کے لیے سیکیورٹی فورسز کے حوالے کر دیا گیا ہے، اسرائیلی فوج

قاہرہ (این این آئی) مصر سے سرحد عبور کر کے اسرائیل میں داخل ہونے والے مصری شہری کو اسرائیلی فوج نے حراست میں لے لیا۔ ایک بیان میں اسرائیلی فوج نے حوالے

(بقیہ نمبر15 صفحہ 6)

بھارت، ہائیڈرو پاور ڈیم کی تعمیر کیخلاف پرتشدد مظاہرے پھوٹ پڑے، فوج تعینات

مقامی آبادی کا بجوڑ ہائیڈرو پاور منصوبہ منسوخ کیے جانے تک احتجاج جاری رہنے کا اعلان، 21 افراد زخمی

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی ریاست اتر پردیش میں ہائیڈرو پاور ڈیم کی تعمیر کے خلاف پرتشدد مظاہرے پھوٹ پڑے، جس کے بعد فورج تعینات کر دی گئی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق تبت کی سرحد سے متصل اتر ناچل پردیش کی وادی سیانگ میں گزشتہ ہفتے احتجاج پرتشدد شکل اختیار کر گیا تھا، جس کے نتیجے میں پولیس کے ساتھ جھڑپیں ہوئیں اور کم از کم 21 افراد کو زخمی کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارت کے وادی سیانگ میں 11 ہزار 200 میگاواٹ کی سیانگ اپر پن پر پروجیکٹ ڈیم کی تعمیر کا منصوبہ ہے۔ رپورٹس کے مطابق

(بقیہ نمبر19 صفحہ 6)

ہماری افواج نے آبنائے ہرمز کو سچ نہیں کیا، امریکہ نے ایران کو جھٹلا دیا

سینٹرل کمانڈ نے آبی گزرگاہ میں اپنی فوجی موجودگی جاری رہنے کی تصدیق کر دی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹ کام) نے آبنائے ہرمز سے امریکی افواج کے انخلا کی تردید کرتے ہوئے اس امر کی آگہی دی کہ اس کے اطراف میں اپنی فوجی موجودگی کے باقی رہنے کی تصدیق کی ہے۔ یہ موقف امریکی افواج کے اس سے سٹرز بلاکیڈ میٹیریز ورسٹ جانے سے متعلق ایرانی دعوں کے برعکس ہے۔ سینٹرل کمانڈ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر اپنے سرکاری اکاؤنٹ کے ذریعے جاری کردہ ایک پوسٹ میں کہا کہ ایرانی پاسداران انقلاب کی بحری فوج کے کمانڈر نے حال ہی میں یہ دعویٰ کیا تھا کہ امریکی افواج آبنائے ہرمز سے سٹرز کلو میٹر

(بقیہ نمبر18 صفحہ 6)



ڈپٹی کمشنر کیچ کی ہمراہی میں ڈپٹی کمشنر پنجگور کا تربت میں ایف سی ہیڈ کوارٹر کا دورہ

یمنی حکومتی افواج کا کہوب محاذ کا مکمل کنٹرول حاصل کرنے کا دعویٰ

سعودی فوجی اتحاد نے طائف اور ریاض پر داغا گیا حوثیوں کے بیلسٹک میزائل مار گرائے

صنعا (این این آئی) یمنی حکومتی افواج نے باب المندب کے علاقے میں کہوب محاذ کا مکمل کنٹرول حاصل کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ یمنی حکومتی افواج کا کہنا تھا کہ حوثی ملیشیا سے جاری جھڑپوں میں باب المندب کے کہوب محاذ کا مکمل کنٹرول حاصل کر لیا ہے۔ یمنی حکومتی افواج نے کہا کہ سرخ گورنریٹ اور تعز شہر میں بھی حوثی ٹھکانوں کو نشانہ بنایا ہے جس میں حوثی ملیشیا کا بکاروں کے اس دعویٰ کو نقصان پہنچا۔ دوسری جانب سعودی فوجی اتحاد نے طائف پر داغا گیا حوثیوں کا بیلسٹک میزائل مار گرایا، دارالحکومت ریاض میں بھی حوثی میزائل مار گرائے گئے۔ سعودی شہری دفاع کے مطابق میزائلوں کا ملبہ گرنے سے ایک عمارت، تجارتی سائٹ اور گاڑی کو نقصان پہنچا

(بقیہ نمبر23 صفحہ 6)

بھارت، سمندری طوفان ارنب آندھرا پردیش سے ٹکرا گیا، سفری نظام متاثر

طوفان کے باعث بجلی کی فراہمی متاثر ہوگئی، بعض اسکول بند کر دیے گئے، 3 ایئر پورٹس پر آپریشنز معطل

نئی دہلی (این این آئی) سمندری طوفان ارنب بھارتی ریاست آندھرا پردیش سے ٹکرا گیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق تیز طوفانی ہواؤں کے باعث درخت گر گئے، جبکہ بجلی کے کھمبے اکثر گر گئے۔ بھارتی حکام کے مطابق طوفان ٹکرانے سے قبل آندھرا پردیش اور اڑیسہ میں 11 لاکھ 80 ہزار سے زائد افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا۔

(بقیہ نمبر36 صفحہ 6)

اردن، نفرت انگیزی اور تذلیل کو فروغ دینے والی پوسٹس سے متعلق سرکاری تنبیہ

ڈاکٹر رائمر کا اندرونی پوسٹ مملکت کے اندر اور باہر سے ہونے والی خلاف ورزیوں کی نگرانی کر رہا ہے، بیان

عمان (این این آئی) اردن میں پبلک سیکیورٹی ڈائریکٹریٹ نے اعلان کیا ہے کہ سائبر کرائمز کے انسداد کا یونٹ ایسی پوسٹس اور تبصروں کی نگرانی کر رہا ہے جن میں قانونی خلاف ورزیاں پائی جاتی ہیں، بالخصوص وہ مواد جو نفرت انگیزی کو فروغ دیتا ہے یا دوسروں کی تذلیل کا باعث بنتا ہے، خواہ وہ ممکنہ طور پر کے اندر سے ہو یا باہر سے۔ ڈائریکٹریٹ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر اپنے سرکاری اکاؤنٹ کے ذریعے جاری کردہ ایک پوسٹ میں کہا کہ یہ یونٹ اردن کے اندر یا باہر سے ایسی تمام پوسٹس یا تبصروں کی مانیٹرنگ کر رہا ہے جن میں نفرت انگیزی اور دوسروں کی تذلیل سے متعلق قانونی خلاف ورزیاں موجود ہوں تاہم ڈائریکٹریٹ نے یہ واضح نہیں کیا کہ آیا یہ مانیٹرنگ کسی

(بقیہ نمبر35 صفحہ 6)

گورنر بلوچستان سے سعید گشکوری، سید ذبیل اور راجہ الرحمٰن کھیتران کوئٹہ ڈویژن خان گشکی، ذرک خان مندوخیل ملاقات کر رہے ہیں

امریکا کیوبا کی ناکہ بندی، اس پر دباؤ ڈالنے کا سلسلہ فوری بند کرے، چین

تجارتی اور مالیاتی ناکہ بندی ختم کرنے سے متعلق قرارداد فوری عمل درآمد کیا جانا چاہیے، چینی

بیجنگ (این این آئی) چین نے امریکا پر زور دیا ہے کہ وہ کیوبا کی ناکہ بندی اور اس پر دباؤ ڈالنے کا سلسلہ فوری طور پر بند کرے۔ سی ٹی وی کی این ایچ کے مطابق یہ بات اقوام متحدہ میں چین کے مستقل مندوب ڈی چونگ نے گزشتہ روز اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں کیوبا کے خلاف امریکا کی اقتصادی، تجارتی اور مالیاتی ناکہ بندی کے خاتمے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ چین (این این آئی) چین نے امریکا پر زور دیا ہے کہ وہ کیوبا کی ناکہ بندی اور اس پر دباؤ ڈالنے کا سلسلہ فوری طور پر بند کرے۔ سی ٹی وی کی این ایچ کے مطابق یہ بات اقوام متحدہ میں چین کے مستقل مندوب ڈی چونگ نے گزشتہ روز اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں کیوبا کے خلاف امریکا کی اقتصادی، تجارتی اور مالیاتی ناکہ بندی کے خاتمے کی ضرورت کے موضوع پر مباحثے کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ امریکا کی جانب سے کیوبا پر غیر قانونی اقتصادی ناکہ بندی اور یکطرفہ اقتصادی پابندیاں 60 سال سے جاری ہیں اور اب بھی ان میں اضافہ کیا جا رہا ہے۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں کیوبا کے خلاف امریکا کی اقتصادی، تجارتی اور مالیاتی ناکہ بندی

(بقیہ نمبر34 صفحہ 6)

مودی سرکار میں ہندوتوا نظریے کا راج، بھارتی مسلمانوں کی مذہبی آزادی پر وار

مسلم مخالف اقدامات بھارت کے ہم نام اور آئین کی دفعہ 370 کے تحفظ کے لیے چلائی گئی تحریک میں اور پورٹ

نئی دہلی (این این آئی) مودی کے زیر اثر بھارت میں ہندوتوا نظریے کا راج ہے، جہاں بھارتی مسلمانوں کی مذہبی آزادی پر وار کیے جا رہے ہیں۔ بھارت میں مسلم دشمن ہندوتوا پالیسی کے تحت 25 فیصد زیادہ ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق اعداد و شمار میں ایرانی اسلامی تاریخی مقامات اور مساجد کو مٹانے کی مہم

حکومت پاکستان کیخلاف حقوق کی خلاف ورزیوں کا الزام، 440 کمانڈرز کا کنٹرول دوبارہ حاصل کرنے کے لیے آپریشن جاری ہے، یمنی فورسز، حوثی ملیشیا کو شکست دینے کیلئے عالمی اتحاد تشکیل دینے کی ضرورت ہے، سعودی سفیر برائے امریکا

ایران جنگ کی وجہ سے امریکا میں بہت زیادہ مہنگائی ہوئی، ڈیموکریٹک کانگریس

ڈیموکریٹس جیتے تو امریکی عوام کو اولیت دیں گے، بدقسمتی سے ٹرمپ انتظامیہ قانونی ایگزیکٹس اقدامات کر رہی ہے، انٹرویو

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے ڈیموکریٹک رکن کانگریس سیاس مہرانٹم نے مطالبہ کیا ہے کہ ایران جنگ ختم کی جانی چاہیے تاکہ امریکی ٹیکس دہندگان کی رقم اشیائے ضروریہ کی قیمتیں کم کرنے، ہیلتھ کیئر بہتر بنانے اور بلوسٹک آسمان بنانے میں صرف ہو۔ کانگریس میں سیاس مہرانٹم نے ایک انٹرویو میں کہا کہ دو ریاست درجینیا سے کانگریس کے دوبارہ امیدوار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈیموکریٹس جیتے تو امریکی عوام کو اولیت دیں گے، بدقسمتی سے ٹرمپ انتظامیہ قانونی ایگزیکٹس کیخلاف اقدامات کر رہی ہے۔ سیاس مہرانٹم کا کہنا تھا کہ 20 سال سیوورک ویزا پر کام کر رہی ہیں کہ کانگریس کارکنوں کی ہمت کو بھی کمزور کیا جا رہا ہے۔ رکن کانگریس نے کہا کہ سائنسدانوں اور قومی ٹھنک خاص میں ویزا پالیسی کے مسائل ہیں، ہم نہیں چاہتے کہ آئس لکھنا اپنی حد سے تجاوز کرے۔ ڈیموکریٹک رکن کانگریس نے مزید کہا کہ انٹیگریشن نظام میں جامع اصلاحات ہونی چاہیے۔

یمن کے حوثی رہنما محمد علی الحوثی نے مصری جانب سے سعودی عرب کے دفاع کے لیے فوجی حمایت کی اجازت دینے کے فیصلے کو یمن کے خلاف اعلان جنگ قرار دیا ہے۔ فرانسیسی خبر رساں ادارے کے مطابق حوثی سیاسی بیورو کے رکن محمد علی الحوثی نے کہا کہ امریکا نے ایران کے ساتھ جنگ شروع نہیں کی بلکہ ایران 1979 سے امریکا کے خلاف جنگ لڑ رہا ہے اور ہزاروں امریکی فوجیوں کی ہلاکت کا ذمہ دار ہے۔ نیکساس میں ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ امریکا نے ایران کے ساتھ جنگ شروع نہیں کی بلکہ ایران 1979 سے امریکا کے خلاف جنگ لڑ رہا ہے۔ انہوں نے تہران پر ہزاروں امریکی فوجیوں کو ہلاکت کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ سابق امریکی رہنماؤں کو کئی دہائیوں قبل ایران کے خلاف کارروائی کرنی چاہیے تھی لیکن ان میں ایسا کرنے کی ہمت یا دانش مندی نہیں تھی۔ ٹرمپ

ایران 1979 سے امریکا کے خلاف جنگ لڑ رہا ہے، ٹرمپ

امریکی رہنماؤں کو کئی دہائیوں قبل ایران کے خلاف کارروائی کرنی چاہیے تھی، خطاب

بھارت، ہائیڈرو پاور ڈیم کی تعمیر کیخلاف پرتشدد مظاہرے پھوٹ پڑے، فوج تعینات

مقامی آبادی کا بجوڑ ہائیڈرو پاور منصوبہ منسوخ کیے جانے تک احتجاج جاری رہنے کا اعلان، 21 افراد زخمی

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی ریاست اتر پردیش میں ہائیڈرو پاور ڈیم کی تعمیر کے خلاف پرتشدد مظاہرے پھوٹ پڑے، جس کے بعد فورج تعینات کر دی گئی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق تبت کی سرحد سے متصل اتر ناچل پردیش کی وادی سیانگ میں گزشتہ ہفتے احتجاج پرتشدد شکل اختیار کر گیا تھا، جس کے نتیجے میں پولیس کے ساتھ جھڑپیں ہوئیں اور کم از کم 21 افراد کو زخمی کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارت کے وادی سیانگ میں 11 ہزار 200 میگاواٹ کی سیانگ اپر پن پر پروجیکٹ ڈیم کی تعمیر کا منصوبہ ہے۔ رپورٹس کے مطابق

(بقیہ نمبر19 صفحہ 6)

اسرائیل نے فلسطین میں انسانیت کے خلاف جرائم کا ارتکاب کیا، عالمی تحقیقاتی کمیشن

کمیشن نے اکتوبر 2023 سے فلسطینیوں پر جاری مظالم سے متعلق اپنی پانچویں رپورٹ جنرل اسمبلی میں جمع کرا دی

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے آزادانہ بین الاقوامی تحقیقاتی کمیشن نے اسرائیلی مظالم دنیا کے سامنے لاتے ہوئے متعدد مقامات پر جنگی جرائم اور انسانیت کے خلاف جرائم کے ارتکاب کی نشاندہی کر دی۔ تحقیقاتی کمیشن نے اکتوبر 2023 سے فلسطینیوں پر جاری اسرائیلی فوج کے مظالم سے متعلق آزادانہ رپورٹ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں جمع کرا دی۔ رپورٹ کے مطابق اسرائیلی فوج نے غزہ، متعدد بیت المقدس اور متعدد مغربی کنارے میں فلسطینی شہریوں کو دانستہ اجتماعی قتل، ظلم، ستم، تشدد، جنسی زیادتی اور

(بقیہ نمبر21 صفحہ 6)

چین میں بنوری سے تبرتک نامزد سائز بالا صنعتی اداروں کے منافع میں 15.5 فیصد اضافہ

بیجنگ (این این آئی) چین میں رواں سال بنوری سے تبرتک دوران نامزد سائز بالا صنعتی اداروں کا مجموعی منافع 6.03374 ٹریلین یوآن رہا، جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 15.5 فیصد زیادہ ہے۔ ان میں کمپیوٹر، مواصلاتی آلات اور دیگر الیکٹرانک

(بقیہ نمبر24 صفحہ 6)

امریکا کے ساتھ معاہدے کے بعد روس نے ڈیزل کی پیداوار میں اضافہ کر دیا

ماسکو (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ معاہدے کے بعد روس کی جانب سے ڈیزل کی پیداوار میں اضافہ کر دیا گیا اور امریکا کو روسی ڈیزل کی ترسیل شروع ہو گئی ہے۔ روسی میڈیا نے صنعتی ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ روسی صدر ولادیمیر پیوٹن اور ان کے امریکی ہم منصب ڈونلڈ ٹرمپ کے درمیان طے پانے والے ایک معاہدے کے بعد روس نے ڈیزل کی پیداوار میں نمایاں اضافہ کر دیا ہے

(بقیہ نمبر35 صفحہ 6)

انگلینڈ کے ہیری کین نے 2026 کا بیلن ڈی اور ایوارڈ جیت لیا

لندن (این این آئی) انگلینڈ اور جرمن فٹبال کلب بائرن میونخ کے اسٹار اسٹرائیکر ہیری کین نے 2026 کا بیلن ڈی اور ایوارڈ جیت لیا۔ یہ اعزاز فرانسیسی میگزین فرانس فٹبال کی جانب سے دنیا کے بہترین فٹبالر کو دیا جاتا ہے۔ ایوارڈ کی تقریب لندن میں منعقد ہوئی، جس میں ہیری کین کو ان کی شاندار کارکردگی کے اعتراف میں اس اعزاز سے نوازا

(بقیہ نمبر33 صفحہ 6)

ایران جنگ کی وجہ سے امریکا میں بہت زیادہ مہنگائی ہوئی، ڈیموکریٹک کانگریس

ڈیموکریٹس جیتے تو امریکی عوام کو اولیت دیں گے، بدقسمتی سے ٹرمپ انتظامیہ قانونی ایگزیکٹس اقدامات کر رہی ہے، انٹرویو

یمن کے حوثی رہنما محمد علی الحوثی نے مصری جانب سے سعودی عرب کے دفاع کے لیے فوجی حمایت کی اجازت دینے کے فیصلے کو یمن کے خلاف اعلان جنگ قرار دیا ہے۔ فرانسیسی خبر رساں ادارے کے مطابق حوثی سیاسی بیورو کے رکن محمد علی الحوثی نے کہا کہ امریکا نے ایران کے ساتھ جنگ شروع نہیں کی بلکہ ایران 1979 سے امریکا کے خلاف جنگ لڑ رہا ہے اور ہزاروں امریکی فوجیوں کی ہلاکت کا ذمہ دار ہے۔ نیکساس میں ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ امریکا نے ایران کے ساتھ جنگ شروع نہیں کی بلکہ ایران 1979 سے امریکا کے خلاف جنگ لڑ رہا ہے۔ انہوں نے تہران پر ہزاروں امریکی فوجیوں کو ہلاکت کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ سابق امریکی رہنماؤں کو کئی دہائیوں قبل ایران کے خلاف کارروائی کرنی چاہیے تھی لیکن ان میں ایسا کرنے کی ہمت یا دانش مندی نہیں تھی۔ ٹرمپ

ایران 1979 سے امریکا کے خلاف جنگ لڑ رہا ہے، ٹرمپ

امریکی رہنماؤں کو کئی دہائیوں قبل ایران کے خلاف کارروائی کرنی چاہیے تھی، خطاب

روس کی جانب سے یوکرین میں انسانی تھرمل کی بنیاد پر امدادی آپریشن کی تیاری کے لیے جنگ بندی ناگزیر

شہریوں کے انخلا اور شہری اثاثہ، ادویات جیسے ضروری امدادی سامان کی ترسیل میں مشکلات پیش آ رہی ہیں

ماسکو (این این آئی) روسی افواج نے یوکرین کے علاقے خیرسون میں ایشکی قصبے کے شہریوں کو انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امدادی آپریشن کی تیاری کے لیے جنگ بندی نافذ کر دی ہے۔ روسی وزارت دفاع نے اپنے بیان میں کہا کہ روسی افواج نے 27 اکتوبر کو ماسکو کے وقت کے مطابق صبح 4 بجے خیرسون شہر پر

فائرنگ روک دی تاکہ ایشکی کے قریب انسانی ہمدردی کی بنیاد پر آپریشن کے لیے راستہ ہموار کیا جا سکے۔ روسی چیف آف جنرل اسٹاف جنرل ویلری گیراسیموف نے 23 اکتوبر کو اعلان کیا تھا کہ انسانی امدادی کارروائی کے لیے 27 اکتوبر کو جنگ بندی کی جائے گی۔

(بقیہ نمبر25 صفحہ 6)

چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مرزا اعزاز بیگ سے صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ ملاقات کر رہے ہیں

سطح تنازعات میں خواتین اور لڑکیوں کی اموات کا تناسب 2021 کے مقابلے میں دوگنا ہوگیا، اقوام متحدہ کا انتباہ

75 کروڑ خواتین اور لڑکیاں فعال تنازعات والے علاقوں سے 50 کلومیٹر کے فاصلے کے اندر رہائش پذیر ہیں، رپورٹ

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ نے خبردار کیا ہے کہ دنیا بھر میں سطح تنازعات خواتین اور لڑکیوں کے لیے زیادہ مہلک ہوتے جا رہے ہیں، گزشتہ سال تنازعات میں مارے جانے والے 37 ہزار شہریوں میں ہر چار میں سے ایک خاتون یا لڑکی تھی، جو 2021 کے مقابلے میں دوگنا تناسب ہے۔ اقوام متحدہ کی خواتین، امن اور سلامتی سے متعلق سلامہ رپورٹ کے مطابق تنازعات سے متاثرہ علاقوں میں روزانہ کم از کم 25 خواتین اور لڑکیاں موت کے منہ میں جا رہی ہیں، جبکہ جنسی تشدد کے واقعات میں بھی تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے اور اس مذاکرات میں خواتین کو اب بھی خاطر خواہ نمائندگی نہیں دی ج

روزنامہ عوام
روزنامہ عوام وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کو کوئٹہ اور جب سے بیک وقت شائع ہوتا ہے ہیڈ آفس کوئٹہ فون نمبر 081-2832244 فیکس 081-2822255 اسلام آباد آفس فون نمبر 051-2890427 فیکس 051-2890437 جب آفس 32266 فیکس 32755
جمعرات 29 اکتوبر 2026ء

بلوچستان کی ترقی وخوشحالی اور امن کا سفر

وزیراعلیٰ کے معاون برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ گوادر میں تخریبی منصوبے کو ناکام بنانے والے سیکورٹی اہلکار پوری قوم کا فخر ہیں ،فتنہ الہندوستان کے دہشتگرد صوبے میں بدامنی پھیلا کر بلوچستان کی تعمیر وترقی کا راستہ روکنے میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ بلوچستان کے امن واستحکام اور خوشحالی کیخلاف سازشیں کرنے والے عناصر کو ہر محاذ پر ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ دہشتگردی کے ذریعے عوام میں خوف وہراس پیدا کرنے اور صوبے میں ترقیاتی ومعاشی سرگرمیوں کو نقصان پہنچانے کی کوشش ناکام بنا دی جائیگی ، دہشتگردی کے مکمل خاتمہ کیلئے قومی اتحاد ناگزیر ہے۔ بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال میں بہتری آئی ہے۔لیکن مکمل طور پر امن کے قیام سے ہی ترقی و خوشحالی کے سفر کو جاری رکھا جاسکتا ہے ۔معاشی سرگرمیاں امن سے مشروط ہوتی ہیں۔ہمیں توقع ہے کہ سیکورٹی فورسز حکومت اور عوام کی جانب سے دہشتگردی کیخلاف ایک پیج پر ہونے سے صوبے میں امن کا قیام یقینی بنانے میں مدد ملے گی ۔ہم حکومت کی جانب سے صوبے کو پرامن ،ترقی یافتہ اور خوشحال بنانے کیلئے اقدامات کا خیر مقدم کرتے ہیں۔

گاڑیوں کی لائٹس کا مسئلہ

کوئٹہ شہر میں لائٹس کے بغیر گاڑیاں اور موٹر سائیکلوں اور رکشے چلانے کا سلسلہ جاری ہے ۔ جس کی وجہ سے ٹریفک حادثات رونما ہو رہے ہیں۔ ہم پولیس حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ٹریفک کا مسئلہ حل کرنے کے لئے اور راہگیروں کے تحفظ کے لئے لائٹس کے بغیر گاڑیاں رکشے اور موٹر سائیکلیں چلانے والوں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے۔

احتجاجی سیاست نہیں چلے گی

تحریر۔محمد افضل عاجز

مجھے نہیں معلوم جیل میں قید عمران خان نے ان دو سالوں میں کیا سیکھا ہے اگر اس کے باہر آنے والے بیانات سنے جائیں تو وہ اب بھی کنٹینر پہ کھڑے ہیں اور نیچے اترنے کیلئے تیار نہیں یہ نجانے کون سی سیاست ہے جو انہیں کارکنوں کو ہر وقت مار دھاڑ کیلئے اُکساتی ہے جیل تو سیاستدان کیلئے معلم کا کام کرتی ہے، ذہن کے بند دریچے کھولتی ہے اسے نئے راستے دکھاتی ہے اس کی زبان میں شیرینی پیدا کرتی ہے مگر عمران خان جیل میں بند ہونے کے باوجود پہلے سے بھی زیادہ سخت مزاج ہو گئے ہیں اپنے ساتھیوں کیلئے مشکلات کے نئے راستے بناتے ہیں اپنے کارکنوں کیلئے پریشانیوں کے نئے در کھولتے ہیں یہی وجہ ہے کہ اب ان کے کارکن تھک چکے ہیں کے پی کے میں گورنر راج کے بعد وہاں کے لوگوں کی خاموشی ایک مثال ہے ایک ایسا صوبہ جو تیرہ سال سے ان کے پاس ہے وہاں اگر سکوت دکھائی دیتا ہے تو دیگر صوبوں کی خاموشی کوئی بڑی بات نہیں لوگ یقیناً احتجاجی سیاست سے بیزار ہو چکے ہیں۔ تحریک انصاف جب بھی باہر نکلتی ہے اس کے پاس ایک ہی نعرہ ہوتا ہے عمران خان کو رہائی دلانے کیلئے نکلو، تو پھر لوگ سوچتے ہیں عمران خان کے باہر نکلنے سے کیا ہو جائے گا کیا مہنگائی بیروزگاری کا خاتمہ ہو جائے گا کیا بجلی اور پٹرول کی قیمت گر جائے گی کیا زندگی کے بنیادی وسائل سے محروم لوگوں کو وسائل مل جائیں گے؟ یقیناً نہیں ملیں گے ملک کے حالات بدلنے کے لئے ایک شخص ناکافی ہے اس کے لئے پوری قوم کو ایک دوسرے کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کے چلنا پڑے گا تحریک انصاف والے کہتے ہیں عمران خان کے ساتھ ظلم ہو رہا ہے لوگ سوچتے ہیں کیا عمران خان لوگوں کے ساتھ کم ظلم کرتے تھے تحریک انصاف والے کہتے ہیں عدالتوں نے انصاف نہیں کیا سوال یہ ہے کہ عمران خان کے دور میں جن لوگوں کو سزائیں ہوئیں کیا وہ انصاف تھا یقیناً وہ بھی انصاف نہیں تھا ان کے دور میں بھی سیاستدانوں کے ساتھ زیادتیاں ہوئیں خواتین سیاستدانوں کو بھی نہیں بخشا گیا اگر یہ سب کچھ اس وقت جائز تھا اب کیسے ناجائز ہو گیا، مگر ایسا نہیں ہونا چاہئے سیاست میں نظریاتی اختلاف ہونا چاہئیں ذاتی طور پر دشمنی نہیں بنانا چاہئے مگر عمران خان شاید ابھی تک سمجھ نہیں سکے ان کے ساتھیوں کے بیانات جو ان کے پیغام ہوتے ہیں ان میں نرمی نہیں ہوتی ان پیغامات میں حکومت اور ریاست کی تمیز نہیں رکھی جاتی حکومت ان سے ریاست میں امن وامان کے لئے بات کرنا چاہتی ہے ان کے بعض ساتھی بھی حکومت کے ساتھ بات چیت کے ذریعے مسائل کا حل نکالنا چاہتے ہیں مگر عمران خان سڑکوں پر فیصلے کرنا چاہتے ہیں ہر چند ماہ بعد ان کے نامزد وزیراعلیٰ اسلام آباد کو سومنات کا مندر سمجھتے ہوئے اسے گرانے کیلئے نکل پڑتے ہیں تو پھر اس سے فائدہ کیا حاصل ہوا کے پی کے میں ان کی جماعت کی حکومت ان کے لوگوں کیلئے ایک طرح سے طاقت تھی ،مگر اب انہوں نے نہ صرف یہ حکومت بھی گنوا دی بلکہ اب تو جماعت کے اندر بھی مختلف گروپس بنتے نظر آ رہے ہیں بہت سے سینئر رہنما عمران خان کی پالیسیوں سے اختلاف کر رہے ہیں اور کہہ رہے ہیں کے جماعت کو اپنا رویہ تبدیل کرنے کی ضرورت ہے یعنی وہ کہہ رہے ہیں عمران خان کو رویہ تبدیل کرنے کی ضرورت ہے اور پھر اب تو جماعت کے اندر سے اپوزیشن لیڈر اچکزئی کو بھی ہٹانے کی باتیں ہو رہی ہیں اب اگر اس سارے منظر کو دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کے عمران خان پر عدم اعتماد بڑھ رہا ہے ان کی احتجاجی سیاست کو پسند نہیں کیا جا رہا اور سیاسی جدوجہد کو مذاکرات کے ذریعے آگے بڑھانے کی بات کی جا رہی ہے اور سینئر لیڈر چاہتے ہیں کہ عمران خان کو باہر نکالنے کے دوراستے پہلا حکومت کے ساتھ مذاکرات اور مسلسل مذاکرات اور پھر ان مذاکرات کے ذریعے عدالتوں سے ریلیف کی کوشش مگر یہ تب ممکن ہے جب عمران خان اپنے رویئے میں تبدیلی اور سیاسی رویہ بدلیں انہوں نے احتجاجی سیاست کے نتائج دیکھ لئے ہیں اور اس کے نتیجے میں اپنی بہنوں سمیت دیگر رہنماؤں کو جیل میں بند کروا چکے ہیں، یعنی وہ اپنی احتجاجی سیاست کے تمام حربے استعمال کر چکے ہیں اور نتائج بھی دیکھ چکے ہیں اب انہیں پارٹی بچانے کیلئے نئی سوچ کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا سب سے پہلے کے پی کے میں بیرونی حملہ آوروں کے بارے میں سخت رویہ اختیار کرنا ہوگا کیونکہ یہ لوگ کے پی کے کے لوگوں کے ساتھ ساتھ ہماری مختلف فورسز کو نشانہ بنا رہے ہیں یہ لوگ پاکستان کی سالمیت کے دشمن ہیں اور پاکستان مخالف دشمن کے ایجنڈے کو پورا کر رہے ہیں، یعنی یہ لوگ حکومت پاکستان نہیں ریاست پاکستان کے مخالف کھڑے ہیں تو عمران خان یا ان کی جماعت کو ان کے خلاف ریاست کے بیانیے کے ساتھ کھڑے ہونے میں کیا دقت ہے۔

☆☆☆☆

جب وقار سیاست سے بلند ہو جائے

تحریر۔محمد محسن اقبال

سیاست اختلاف کا نام ضرور ہے، مگر اختلاف کا مطلب دشمنی نہیں۔ جمہوریت کی اصل خوب صورتی بھی اسی میں پوشیدہ ہے کہ مخالف نظریات رکھنے والے لوگ ایک دوسرے کی بات سنیں، اختلاف برداشت کرنے اور باہمی احترام کے ساتھ قومی معاملات پر گفتگو کرنے کا حوصلہ رکھتے ہوں۔ پارلیمان محض قانون سازی کی عمارت نہیں، بلکہ قومی شعور، سیاسی تہذیب اور اجتماعی کردار کی آئینہ دار بھی ہوتی ہے۔ اس ایوان میں بعض شخصیات اپنے منصب، سیاسی وابستگی یا اقتدار کے باعث پہچانی جاتی ہیں جبکہ کچھ لوگ اپنے اخلاق، متانت اور شرافت سے دلوں میں جگہ بناتے ہیں۔ چوہدری محمود بشیر ورک کا شمار انہی شخصیات میں ہوتا تھا جن کی زندگی اس حقیقت کی گواہی دیتی ہے کہ انسان کا اصل مقام اس کے عہدے سے نہیں، بلکہ اس کے کردار سے متعین ہوتا ہے۔

گوجرانوالہ سے تعلق رکھنے والے سینئر پارلیمنٹیرین چوہدری محمود بشیر ورک 11 ستمبر 2026ء کو 88 برس کی عمر میں اس دنیا سے رخصت ہوئے۔ ان کے انتقال پر مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے ارکان کی جانب سے اظہارِ تعزیت اور خراجِ عقیدت اس بات کا ثبوت تھا کہ سیاسی وابستگیاں اپنی جگہ، مگر شرافت اور وضع داری کا احترام ان تمام حد بندیوں سے بلند ہوتا ہے جو سیاست میں انسانوں کے درمیان قائم ہو جاتی ہیں۔

چوہدری محمود بشیر ورک 25 دسمبر 1937ء کو گوجرانوالہ کے ایک معزز خاندان میں پیدا ہوئے۔ ان کی پرورش کامو ورکاں، جسے قلعہ کامو ورکاں بھی کہا جاتا ہے، میں ہوئی۔ ان کے والد چوہدری بشیر احمد ورک کی شخصیت کا ایک روشن پہلو 1947ء کے ہنگامہ خیز دنوں میں سامنے آیا، جب برصغیر کی تقسیم کے نتیجے میں انسانیت آزمائش سے گزر رہی تھی، خاندانی روایات کے مطابق، انہوں نے سکھ اور ہندو خاندانوں کو تحفظ فراہم کیا، جن میں کیپٹن اجیت سنگھ بٹالیہ کا خاندان بھی شامل تھا۔ کہا جاتا ہے کہ انہوں نے قرآن مجید پر عہد کیا تھا کہ جن لوگوں کی حفاظت کی ذمہ داری قبول کی ہے، ان کی سلامتی کو یقینی بنائیں گے۔

یہ واقعہ محض ایک خاندانی روایت نہیں، بلکہ اس اخلاقی عظمت کی یاد دہانی ہے جو مذہب، ذات اور برادری کی تقسیم سے بلند ہو کر انسانیت کا ہاتھ تھام لیتی ہے۔ ایسے ہی واقعات معاشروں کے اجتماعی حافظے میں محفوظ رہتے ہیں اور آنے والی نسلوں کو بتاتے ہیں کہ مشکل ترین حالات میں بھی انسان اپنے کردار کی روشنی سے دوسروں کے لئے امید کا چراغ روشن کر سکتا ہے۔ محمود بشیر ورک کی شخصیت کو سمجھنے کے لئے ان کے خاندانی پس منظر کا یہ پہلو خاص اہمیت رکھتا ہے۔

انہوں نے قانون کے شعبے کو اپنا پیشہ بنایا، سینئر قانون دان کی حیثیت سے خدمات انجام دیں اور گوجرانوالہ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر بھی رہے۔ اپنے شہر کے ایک نجی لاء کالج میں تدریس سے وابستگی نے انہیں قانون کے نظری اور عملی پہلوؤں کو سمجھنے کا مزید موقع دیا۔ وکالت کے دوران ان کا واسطہ آئینی اصولوں، عدالتی طریقِ کار اور عام شہریوں کے مسائل سے رہا۔ یہی تجربہ بعد میں ان کی پارلیمانی زندگی میں کام آیا، کیونکہ قانون ساز ادارے میں بیٹھنے والے شخص کے لئے ضروری ہے کہ وہ قانون کی روح، آئینی تقاضوں اور عوامی مشکلات سے واقف ہو۔

ان کی سیاسی زندگی کا آغاز قومی اسمبلی سے نہیں، بلکہ بلدیاتی سطح سے ہوا۔ 1962ء میں یونین کونسل کے چیئرمین منتخب ہو کر انہوں نے عوامی خدمت کا سفر شروع کیا۔ قومی اسمبلی میں ان کی پہلی کامیابی 1997ء کے عام انتخابات میں سامنے آئی، جب وہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے امیدوار کی حیثیت سے گوجرانوالہ کی نمائندگی کے لئے منتخب ہوئے۔ 2002ء کے انتخابات میں انہیں کامیابی نہ مل سکی، لیکن 2008ء میں وہ دوبارہ قومی اسمبلی پہنچے اور 2013ء، 2018ء اور 2024ء میں بھی کامیابی حاصل کی۔ اس طرح انہوں نے قومی اسمبلی کے پانچ ادوار میں عوام کی نمائندگی کی۔ سیاسی حالات کی تبدیلی، انتخابی مقابلوں اور جماعتی صف بندیوں کے باوجود ان کا اپنے حلقے سے تعلق برقرار رہا۔

چوہدری محمود بشیر ورک مسلم لیگ (ن) اور بالخصوص میاں نواز شریف کے سیاسی حلقے سے وابستہ رہے۔ تاہم، ان کی شخصیت کا جائزہ صرف جماعتی وابستگی کی بنیاد پر نہیں لیا جا سکتا۔ ان کے ساتھی انہیں متانت، شائستگی اور دوسروں کی بات تحمل سے سننے کی عادت کے حوالے سے یاد کرتے تھے۔ اختلاف کرنے والوں کے ساتھ بھی احترام کا رویہ رکھنا ان کی نمایاں خوبیوں میں شمار کیا جاتا تھا۔ سیاست میں جہاں بعض اوقات مخالف کی بات سننا بھی کمزوری سمجھ لیا جاتا ہے، وہاں تحمل اور شائستگی اختیار کرنا یقیناً ایک قابلِ قدر وصف ہے۔

جنوری 2018ء میں وزیراعظم شاہد خاقان عباسی کی وفاقی کابینہ میں انہیں وزیر قانون و انصاف مقرر کیا گیا۔ وہ مئی 2018ء میں قومی اسمبلی کی تحلیل تک اس منصب پر فائز رہے۔ وزارتِ قانون ایک ایسی ذمہ داری ہے جس میں آئینی تقاضوں، قانون سازی اور انتظامی فیصلوں کے درمیان توازن قائم رکھنا ضروری ہوتا ہے۔ ان کا قانونی پس منظر اس منصب کے تقاضوں سے مطابقت رکھتا تھا۔ 2018ء کے انتخابات کے بعد وہ ایک مرتبہ پھر قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے اور قانون سازی کے عمل میں اپنا کردار ادا کرتے رہے۔

ان کے انتقال پر وزیراعظم شہباز شریف اور قومی اسمبلی کے اسپیکر سردار ایاز صادق نے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے ان کی پارلیمانی، سیاسی اور سماجی خدمات کو سراہا۔ 13 اکتوبر 2026ء کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں بھی ارکان نے انہیں یاد کیا۔ یہ اظہارِ افسوس ایک ایسے ساتھی کی جدائی کا اعتراف تھا جس نے کئی دہائیوں تک سیاسی زندگی میں اپنا کردار ادا کیا۔ لیکن ایسے مواقع پر ایک بنیادی سوال بھی سامنے آتا ہے: کسی پارلیمنٹیرین کی حقیقی میراث کیا ہوتی ہے؟ کیا اس کا تعین صرف ان عہدوں سے کیا جائے گا جن پر وہ فائز رہا، یا اس طرزِ عمل سے بھی جو اس نے اپنے ساتھیوں، مخالفین اور عوام کے ساتھ اختیار کیا؟

قرآنِ مجید میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے: "تو جسے چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلت دے۔" (سورہ آلِ عمران، آیت 26)۔ یہ آیت انسان کو یاد دلاتی ہے کہ اقتدار، منصب اور دنیاوی مرتبہ دائمی نہیں۔ وقت کے ساتھ عہدے بدل جاتے ہیں، سیاسی حالات کروٹ لیتے ہیں اور اقتدار کے ایوانوں میں نئے چہرے آ جاتے ہیں، مگر انسان کے کردار سے وابستہ یادیں دیر تک زندہ رہتی ہیں۔ اصل کامیابی یہ نہیں کہ انسان کتنے بڑے منصب تک پہنچا، بلکہ یہ ہے کہ اس نے اس منصب کو کس طرح استعمال کیا اور اپنے پیچھے کیسی روایت چھوڑی۔ چوہدری محمود بشیر ورک کی زندگی کا پیغام یہی ہے کہ سیاست میں اختلاف فطری ہے، اقتدار عارضی ہے اور عہدے وقت کے ساتھ ختم ہو جاتے ہیں، لیکن کردار کی خوشبو باقی رہتی ہے۔ انسان کی حقیقی پہچان اس کے منصب کی بلندی سے نہیں بلکہ اس شرافت سے ہوتی ہے جس کے ساتھ وہ اس منصب کی ذمہ داریاں نبھاتا ہے۔ یہی وہ وقار ہے جو سیاست سے بلند ہو کر تاریخ کا حصہ بن جاتا ہے۔

☆☆☆☆

بخاری صاحب

تحریر۔عامر بن علی (جاپان)

بخاری صاحب کوئی سیلیبرٹی نہیں تھے۔ اعلیٰ ظرف کے بڑے انسان تھے۔ بڑا آدمی ہونے کے لیے مشہور ومقبول ہونا سماج وتاریخ نے کبھی لازمی شرط نہیں رکھی ہے۔ بڑے لوگوں کی صرف باتیں بڑی نہیں ہوتیں، ان کا کردار اور اخلاق بھی بلند ہوتا ہے۔ وہ ہمارے ہاسٹل کے پہلے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اور پھر سپرنٹنڈنٹ تعینات ہوئے، ہماری رخصتی کے بعد بھی وہ دس سال تک اس منصب پر فائز رہے۔ بنیادی طور پر وہ معاشیات کے پروفیسر تھے۔ پڑھانے سے بہتر کام بھلا کون سا ہو سکتا ہے؟ یہ ایسا پیغمبری پیشہ ہے جو بلا استثنا ہر پیغمبر نے اختیار کیا۔ تمام پیمبرانِ خدا استاد تھے۔ میری نظر میں پڑھنا اور پڑھانا دنیا کے سب سے اچھے کام ہیں۔

مرزا غالب کے مطابق جیسے شاعری ذریعہ عزت نہیں تھی، اسی طرح بخاری صاحب پروفیسری بارے رائے رکھتے تھے۔ کبھی کبھی طنزیہ انداز میں کہتے کہ میں "ذات کا پروفیسر ہوں"، اس کی وجہ مگر قطعاً وہ نہیں تھی جو مرزا غالب نے سو پشت سے اپنے آباؤ اجداد کے سپہ گری کے حوالے سے کہی تھی، گرچہ سید جمشید حسین بخاری ملتان کے معروف سادات خاندان کے چشم وچراغ تھے، وہ خود کو "ذات کا پروفیسر" کہہ کر ہمارے معاشرے میں استاد کی ناقدری کا گلہ کر رہے ہوتے تھے۔

ان کی اضافی خوبی یہ تھی کہ وہ ایک بہترین منتظم تھے۔ اس کی وجہ شاید ان کی زمانہ طالب علمی کی تربیت بھی تھی۔ قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد میں جب زیرِ تعلیم تھے تو مقبول طالب علم رہنما کے طور پر پہچانے جاتے تھے۔ وہ یونیورسٹی کی طلباء یونین کے منتخب رہنما رہے تھے۔ نئی نسل کو تو شاید پتہ بھی نہیں ہوگا کہ طلباء سیاست کیسی ہوا کرتی تھی اور کالجز و یونیورسٹیز کی اسٹوڈنٹ یونین کتنی موثر، اہم اور نئی سیاسی قیادت کی نرسری ہوا کرتی تھیں، افسوسناک پہلو یہ ہوا کہ ان میں تشدد کا پہلو در آیا جس سے یہ اہم ادارہ تباہ ہو گیا۔

بخاری صاحب ترقی پسند سوچ کے حامی تھے مگر طلباء سیاست میں تشدد کے شدید مخالف تھے۔ ضیاء الحق کا مارشل لاء آیا تو ان کی یونین پر بھی باقی ملک کی طرح پابندی عائد کر دی گئی۔ ایک سیاسی جماعت کی جانب سے انہیں اسلحے کی ایک پیٹی اور کافی بڑی رقم کی پیشکش کی گئی، جو کہ انہوں نے ٹھکرا دی۔ حالانکہ وہ مارشل لاء کے شدید مخالف تھے۔ امن پسند ہونے کے علاوہ وہ بکنے والوں میں سے نہیں تھے۔

گورنمنٹ کالج اور پنجاب یونیورسٹی میں بھی وہ زیرِ تعلیم رہے اور بطور اتھلیٹ پوری درسگاہ میں اپنی پہچان رکھتے تھے۔ انتہائی ذہین اور قابل طالب علم تھے، یہ وضاحت اس لیے کرنا پڑتی ہے کہ عمومی طور پر کھیلوں میں نام کمانے والے کھلاڑی پڑھائی میں کمزور اور کند ذہن مشہور ہوتے ہیں۔ بڑی بھرپور زندگی گزاری مگر بڑی مختصر سی تھی۔ ایسے بلند کردار کے وضع دار لوگ اب کم کم ہی نظر آتے ہیں۔ تعلیمی اداروں میں تو یہ قحط الرجال مزید نمایاں ہے، جو زیادہ تشویشناک بات ہے۔ چونکہ اساتذہ نے ہی قوم کی تعمیر وتشکیل اور مستقبل کی سمت متعین کرنا ہوتی ہے۔ بخاری صاحب کے جانے کا دکھ اس لیے بھی زیادہ ہے چونکہ ان جیسے بڑے لوگ اب گاہے بگاہے ہی دکھائی دیتے ہیں۔ مگر کیا کیا جائے؟ سوائے صبر کے کوئی چارہ بھی تو نہیں ہے۔

موت سے کس کو رستگاری ہے
آج وہ کل ہماری باری ہے

ہاسٹل میس پر بھی نظر رکھتے تھے۔ جس طالب علم نے کھانے کے پیسے دینے میں تاخیر کی ہوتی، منشی اس کا میس بند کر دیا کرتے ہیں، مگر بخاری صاحب کسی کا کھانا بند نہیں ہونے دیتے تھے۔ نیک دل، ہمدرد انسان تھے۔ بے حد سخی تھے۔ ذاتی جیب سے طالب علموں کو پیسے ادھار دے دیا کرتے تھے۔ ایک بار تو میں نے خود بخاری صاحب سے پیسے ادھار لیے تھے۔ میں نے ضرورت بیان کرتے ہوئے وضاحت کرنا چاہی کہ کتنے دن بعد واپس کروں گا تو انہوں نے مجھے فوراً ٹوک دیا، اور پوچھا کتنے پیسے چاہئیں؟ اس کے بعد انہوں نے جیب سے روپے نکال کر مجھے تھماتے ہوئے اس موضوع پر مزید بات کرنے سے منع کر دیا۔ ہاسٹل میں مقیم ہم جیسے پردیسی طلباء کا وہ ایسے خیال رکھتے جیسے مرغی اپنے پروں کے نیچے چوزوں کو چھپا کر محفوظ رکھتی ہے۔

اپنے ذاتی تعلقات استعمال کر کے کالج اور ہاسٹل کی بہتری کے لیے کچھ نہ کچھ کرتے رہتے تھے۔ مخیّر حضرات کو طالب علموں کی براہِ راست مدد پر آمادہ کرتے تھے۔ ذاتی دوستوں کے ذریعے طالب علموں کے لیے کھیل کا سامان مہیا کرتے، سرکاری ادارے میں نجی دوستوں سے تعمیر کا کام کرواتے رہتے تھے فی سبیل اللہ۔ کہیں کارپٹ بھجوا رہے ہیں، تو کبھی طلباء کیلئے ٹیلی ویژن کا بندوبست کر رہے ہیں۔ ایک دن ہمارے ہی کالج کے ایک مشہور زمانہ پروفیسر نے ان کو سمجھایا کہ وہ بڑے ہی بے وقوف لوگ ہوتے ہیں، جو لوگ ذاتی تعلقات کو اداروں کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ بخاری صاحب نے بات سن لی، کوئی جواب نہ دیا، بعد میں ہمیں کہنے لگے کہ یار! اس ملک کے ادارے بھی تو آخر ہمارے ہی ہیں۔ ان کا خیال بھی تو ہمیں ہی کرنا پڑے گا۔ ان کی بہتری کے لئے بھی تو ہمیں ہی آگے آنا پڑے گا۔ پاکستان اگر اپنے محدود وسائل اور بے پناہ مسائل کے باوجود چل رہا ہے اور معاشرے کا نظم ونسق قائم ہے، دھیمی اور سست رفتار سے ہی سہی مگر ترقی کر رہا ہے تو اس کی وجہ بخاری صاحب جیسے نیک دل لوگ ہیں۔ ایسے لوگ جو اپنی ذات اور ذاتی مفادات سے آگے بڑھ کر سوچتے ہیں۔ دوسرے لوگوں کی زندگی میں آسانیاں پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور صلے میں کسی سے بھی کچھ نہیں مانگتے۔ لاہور میں ہماری مادرِ علمی سائنس کالج سے سبکدوشی کے بعد وہ ایک معروف تعلیمی ادارے کے سربراہ رہے، بڑی خوش اسلوبی سے اور جان فشانی سے فرائضِ منصبی ادا کئے اور اس کالج کی علمی فضا میں واضح نکھار لے کر آئے۔

بخاری صاحب جیسی شخصیات کو زمین کا نمک کہا جاتا ہے جنہیں پس مرگ بھی موت نہیں آتی، کیونکہ وہ ان گنت لوگوں کے قلوب واذہان میں زندہ رہتے ہیں۔ ہم جیسے بے شمار طالب علموں میں زندگی گوارا بنانے کی تحریک کو مہمیز بخشتے ہیں۔

☆☆☆☆

سڑکوں کا جنگل

تحریر۔نسیم شاہد

اب یہ بھی کوئی بات ہے کہ لاہور میں ایک سکوٹی پر جاتی لڑکی کو پیچھے سے آنے والے مرد موٹر سائیکل سوار نے اسے روک کر تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے پہلے نیچے دھکا دیا اور پھر تھپڑوں کی بارش کر دی۔ بعد ازاں پکڑے جانے پر موقف یہ اختیار کیا کہ وہ اسے لڑکا سمجھا تھا۔ گویا لڑکے کو دھکا دے کر گرانے اور مارنے کی قانون اجازت دیتا ہے۔ پنجاب حکومت نے اگر لڑکیوں اور خواتین کو سکوٹی کی سہولت دی ہے تو معاشرے کو بھی چاہیے اس تبدیلی کو قبول کرے۔ انہیں سڑکوں پر راستہ دے اور ان میں اعتماد پیدا ہونے دے۔ اب اس بندے کی ذہنیت اور ٹریفک کی تربیت ملاحظہ کیجئے، اتنے رش میں وہ اوورٹیک کرنا چاہتا ہے جبکہ آگے جانے والے کے پاس اتنا مارجن ہی نہیں کہ وہ راستہ دے سکے۔ پھر عین سڑک کے درمیان اسے زبردستی روک کر ایک گھناؤنا عمل کرتا ہے۔ اب ایسے واقعات کو دیکھ کر تو لگتا ہے ہم معاشرے کو پاگل خانہ بناتے جا رہے ہیں جہاں ہر پاگل اپنی چودھراہٹ چاہتا ہے۔ حد تو یہ ہے کہ لاہور جیسے شہر میں جہاں سی سی ٹی وی کیمروں کا جال بچھا ہوا ہے اور سیف سٹی نے کونے کونے کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے۔ پھر بھی لوگوں میں کوئی خوف نہیں، پکڑے جانے کا ڈر تو خیر دور کی بات ہے اس بات کا بھی ڈر نہیں کہ ٹکٹ کے ذریعے جرمانے کا چالان بھی موصول ہو سکتا ہے۔ یہ دیدہ دلیری کیسے پیدا ہو گئی حالانکہ 2 ہزار کا چالان بھی ہو جائے تو عام آدمی ہلکان ہو جاتا ہے۔ یہ سیدھی سادی بگاڑ کی ایک ذہنیت ہے جو عام آدمی کو مولا جٹ بننے پر اکساتی ہے۔ آپ یہ سن کر حیران ہوں گے کہ پچھلے صرف دو ماہ کے عرصے میں ہمارے پنجاب میں 45 ہزار افراد زخمی ہو کر بستر سے جا لگے ہیں جبکہ 670 افراد جان کی بازی ہار گئے ہیں۔ یہ اتنی بڑی تعداد ہے کہ ہر طرف خطرے کی گھنٹیاں بج جانا چاہئیں تھی، مگر نہیں صاحب یہاں تو کسی کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی۔ یہ اکھڑ مزاج والے سڑکوں پر دندناتے ڈرائیورز کسی کی نہیں سنتے، جب ان پر آفت ٹوٹتی ہے تو دہائیاں دیتے ہیں کہیں سے علاج ہی کرا دو۔ یہ جس بندے نے لاہور میں ایک لڑکی کو وحشیانہ طریقے سے مارا ہے، کیا اس سے آپ توقع کر سکتے ہیں کہ یہ سڑک پر بندے کی طرح چلتا ہوگا جو اوورٹیک کرنے کی جگہ نہ ہونے کے باوجود اوورٹیک کرنا چاہتا ہو اور راستہ نہ ملنے پر وحشی بن جائے اسے آپ کیا کہیں گے، یہ کوئی ایک مثال تو ہے نہیں روزانہ ایسے لوگ سڑکوں پر آتے ہیں، اپنی یا دوسرے کی زندگی خطرے میں ڈال دیتے ہیں۔ پنجاب حکومت نے بھاری جرمانے بھی کر کے دیکھ لئے، جرمانوں کی شرح بھی بڑھا دی مگر قانون کا نفاذ نہیں ہو سکا۔ رہی سہی کسر وارڈنز کی ترجیحات میں چالان کو مقدم قرار دے کر پوری کر دی گئی جو سارا دن جرمانے کرنے کی مشین بنے ہوئے، ٹریفک چل رہی ہے یا نہیں چل رہی، انہیں اس کی کوئی پرواہ نہیں۔ یہ سوال بھی جواب طلب ہے کہ جب سیف سٹیز کے کیمرے ٹریفک وائلیشن کو نوٹ کر رہے ہیں۔ ای چالان بھی ہو رہے ہیں تو سڑکوں، چوراہوں پر کھڑے ہو کر چالان کیوں کئے جاتے ہیں ساری توجہ ٹریفک کی روانی پر کیوں نہیں دی جاتی۔

ہمارے معاشرے میں ایک بڑا مسئلہ طبقاتی تقسیم کا بھی ہے۔ طبقاتی تقسیم ہر معاشرے میں ہوتی ہے لیکن اس تقسیم کی وجہ سے ملک کا قانون بھی دو حصوں میں بٹ جائے ایسا نہیں ہوتا۔ جس ٹریفک پولیس کا سارا دارومدار ہی موٹر سائیکل والوں کے چالان پر ہو اور بڑی گاڑیاں، کالے پیلے ڈالے، پجارو، لینڈ کروزر کی طرف وہ آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھتے ہوں وہاں ٹریفک قوانین دولے شاہ کے چوہے بن جاتے ہیں حادثات انہی بڑی گاڑیوں کی وجہ سے ہوتے ہیں اور ان کے حادثے ایک نہیں بیک وقت کئی جانیں لے جاتے ہیں لیکن وارڈنز کا ٹارگٹ موٹر سائیکل، چنگ چی رکشہ اور موٹر رکشہ ہوتے ہیں۔ وارڈنز موٹر سائیکل سواروں کو آگے آ کر خطرناک طریقے سے روکتے ہیں اور اس کی وجہ سے کئی خطرناک حادثات بھی ہو چکے ہیں اگر کوئی موٹر سائیکل سوار ہیلمٹ کے بغیر آ رہا ہے تو اسے اچانک ٹریفک کے درمیان آ کر روکنے کی کیا ضرورت ہے، وہ سیف سٹی کے کیمرے کی زد میں آ جائے گا اور چالان کرا بیٹھے گا لیکن نہیں صاحب مینوئل چالان کرنے میں کئی ترغیبات، کئی ٹارگٹس اور کرپشن کے کئی مواقع موجود ہیں، اس لئے اس پر زیادہ توجہ دی جاتی ہے، چاہے ٹریفک پھنسی پڑی ہو اور لوگ دہائی دے رہے ہوں خدایا کوئی وارڈن بھیجیے تاکہ ہم اپنے گھروں کو جا سکیں۔ ٹریفک کو ایڈونچر سمجھنے والے اپنی جان بھی خطرے میں ڈالتے ہیں اور دوسروں کے لئے بھی خطرے کا باعث بن جاتے ہیں۔ خاص طور پر یہ ایڈونچرازم نوجوانوں میں زیادہ آ گیا ہے۔ کچھ پیسہ آنے کی وجہ سے ماں باپ نے چھوٹی عمر میں گاڑیاں لے دی ہیں اور کچھ لاڈ پیار میں اپنے چچا یا ماموں کی کار لے کر سڑک پر نکل آتے ہیں۔ پھر وہ اکیلے نہیں ہوتے، ساتھ نوجوان دوستوں کا جتھہ ہوتا ہے جو کار میں خطرناک مذاق کر رہے ہوتے ہیں اور ڈرائیونگ کرنے والا بھی ان کے ساتھ شامل ہو جاتا ہے۔ ملتان میں چند روز پہلے جو حادثہ پیش آیا، جس میں پانچ نوجوان جاں بحق ہوئے اس کی تفصیلات کے مطابق بھی کار کے اندر چھیڑ چھاڑ کا ماحول تھا، جس کی وجہ سے نوجوان ڈرائیور قابو نہ رکھ سکا اور کار ڈیوائیڈر سے ٹکرا کر ایک دیوار میں جا لگی۔

یہ ون ویلنگ کرنے والے نوجوانوں نے کتنے والدین کو عمر بھر کا روگ دیا ہے۔ گنتے لگیں تو گنتی ختم ہو جائے۔ میں ایک ایسے گھرانے کو جانتا ہوں جس کے دو جوان سال بیٹے اس ون ویلنگ کی بھینٹ چڑھ گئے۔ ان سے ملو تو ان کا پچھتاوا یہی ہوتا ہے کہ کاش وہ اپنے بچوں پر نظر رکھتے۔ انہیں موٹر سائیکل نہ لے دیتے، اگر والدین اس بات کو ہی نوٹ کرنا شروع کر دیں کہ ان کا بیٹا بلا مقصد موٹر سائیکل لے کر کیوں جاتا ہے تو انہیں اندازہ ہو جائے کوئی نہ کوئی گڑبڑ ہے جو والدین اپنے بچوں کی سرگرمیوں اور مصروفیات سے بے نیاز ہو جاتے ہیں وہ درحقیقت انہیں آوارگی اور گمراہی کی راہ دکھا رہے ہوتے ہیں میں اکثر سوچتا ہوں کہ ہم نے جنگل جیسی ٹریفک میں اپنی بیٹیوں کو سکوٹیز اور موٹر سائیکلیں دے کر اتارا تو دیا

☆☆☆

بقیہ 1

جانب سے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان کے مطابق حملوں میں حوثی گروپ کے 440 کمانڈرز اور جنگجوؤں کو ہلاک کیا گیا جبکہ 146 گاڑیاں، بھاری ہتھیار اور جنگی سازوسامان کو تباہ یا ناکارہ بنا دیا گیا۔ دوسری جانب مریکا میں سعودی عرب کی سفیر شہزادی ریما بنت بندر کا کہنا تھا کہ حوثی ملیشیا کو شکست دینے کے لیے عالمی اتحاد تشکیل دینے کی ضرورت ہے کیونکہ یہ گروہ یمن سے کہیں آگے تک پھیلتا ہوا دہشت گردی کا خطرہ بن چکا ہے۔ عالمی برادری کو حوثی ملیشیا کا اسی عزم اور یکجہتی کے ساتھ مقابلہ کرنا چاہیے جس کے ذریعے داعش کو شکست دینے میں مدد ملی تھی۔

بقیہ 2

خصوص پوسٹ یا واقعے سے متعلق ہے، اور نہ ان خلاف ورزیوں کی پاداش میں لوگوں کی گرفتاری یا نئے مقدمات عدالتوں کو بھیجنے کا کوئی اعلان کیا گیا ہے۔ یمنی وزیراعظم شائع الزندانی نے اس حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اردن کے شاہ، حکومت اور عوام سے تعزیت کا اظہار کیا تھا۔ الزندانی نے عبادت گاہوں کو نشانہ بنانے اور دہشت گردانہ کارروائیوں کو مسترد کرتے ہوئے سکیورٹی خطرات کے مقابلے میں اردن کے ساتھ یمن کی مکمل یکجہتی کا اعادہ کیا۔ اردن میں سائبر کرائمز انسداد یونٹ مملکت میں نافذ العمل قوانین کے مطابق مواصلاتی ذرائع اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے ذریعے کی جانے والی خلاف ورزیوں سے متعلق شکایات اور مقدمات سے نمٹنے کی ذمہ داری انجام دیتا ہے۔ اس میں وہ مواد بھی شامل ہے جو نکتہ چینی، اشتعال انگیزی یا ایسی تذلیل پر مبنی ہو جس پر قانون سزا دیتا ہے، جبکہ خلاف ورزیوں اور ان کی قانونی ذمہ داری کا تعین متعلقہ قانونی کارروائیوں کے تابع ہوتا ہے۔ پبلک سیکورٹی کے بیان میں کسی نئی سزا یا استثنائی اقدامات کا تعین نہیں کیا گیا، بلکہ صرف قانون کی خلاف ورزی کرنے والی پوسٹس اور تبصروں کی مانیٹرنگ جاری رکھنے کی تاکید پر اکتفا کیا گیا ہے۔

بقیہ 3

گاڑیوں کو آگ لگانے کے واقعات بھی پیش آئے۔ جنوبی افریقا میں تشدد کی تازہ لہر پر سپریم کورٹ کی جانب سے ایک ایسی قانونی شق ختم کیے جانے کے بعد سامنے آئی ہے جو غیر قانونی طور پر ملک میں داخل ہونے والے تارکینِ وطن کو پناہ کی درخواست دینے سے روکتی تھی۔

بقیہ 4

ٹیکسی، سائیکلوں کیلئے بند ہے۔ آکسفورڈ اسٹریٹ میں تقریباً ایک کلومیٹر میں شاپنگ کرنے والے آزادانہ گھوم پھر سکیں گے۔ میئر لندن صادق خان نے کہا کہ آکسفورڈ اسٹریٹ کا ایک حصہ پیدل چلنے کیلئے مخصوص کرنا اہم قدم ہے۔ آکسفورڈ اسٹریٹ کی بحالی سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔

بقیہ 5

حملوں میں 60 سے زائد افراد ہلاک اور 20 سے زائد شدید زخمی ہوگئے۔ ایتھوپیا کے آرتھوڈوکس چرچ کے مطابق گزشتہ ہفتے ہونے والے حملوں میں 20 گھر بھی جلا دیے گئے۔ چرچ نے کہا کہ شہریوں کو مذہبی عقیدے کی بنیاد پر نشانہ بنانا زندگی کے بنیادی آئینی حق اور مذہبی آزادی کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ حملوں کی ذمے داری تاحال کسی گروپ نے قبول نہیں کی ہے۔ دوسری جانب مقامی حکام نے اس کا الزام حال ہی میں قائم ہونے والے باغی اتحاد الائنس فار سروائیول پر عائد کیا ہے جس میں اورومو لبریشن آرمی بھی شامل ہے۔

بقیہ 6

کارڈ پر حملہ کیا جس سے گارڈ معمولی زخمی ہوا۔ وزارتِ داخلہ کے مطابق پولیس واقعے کو دہشت گرد حملے کے طور پر دیکھ رہی ہے، حملے کے بعد ملک میں دہشت گردی کے خطرے کی سطح بلند ترین درجے تک بڑھا دی گئی ہے جبکہ اہم مقامات پر پولیس کی نفری میں بھی اضافہ کردیا گیا ہے۔

بقیہ 7

عراقچی نے کہا کہ ممالک کی آزادی اور خودمختاری کے دفاع اور جنگ کو مزید پھیلنے سے روکنے کے لیے اسرائیل کا مقابلہ کرنا ضروری ہے، ہمارے ہمسایہ ممالک ہماری اولین ترجیح ہیں۔

بقیہ 8

پھیلانے پر قانونی کارروائی کا امتباہ بھی جاری کیا گیا ہے۔ حکام نے غیر مصدقہ ویڈیوز اور افواہیں پھیلانے سے گریز کی ہدایت بھی کی ہے۔

بقیہ 9

خطرناک بنا دیا۔ ژالہ باری کے باعث ایئر بس اے 320 طیارے کی ناک اور کاک پٹ کے سامنے لگے شیشوں کو شدید نقصان پہنچا۔

بقیہ 10

زخمی ہوئے، جبکہ یوکرین کے دارالحکومت کیف میں بھی دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں۔ روسی وزارتِ دفاع کے مطابق یوکرین کے دارالحکومت کیف میں ٹرانسپورٹ کے بنیادی ڈھانچے، خار کیف میں انٹلس مرکز اور کارگو بحری جہازوں کو نشانہ بنایا گیا۔ دوسری جانب یوکرینی حکام کا کہنا تھا کہ گزشتہ روز کیف پر روسی میزائل حملے میں 1 شخص ہلاک اور طلبہ سمیت 10 افراد زخمی ہوئے تھے۔ حملے میں تعلیمی اداروں، رہائشی عمارتوں، میٹرو اسٹیشن اور طبی مراکز کو نقصان پہنچا تھا۔

بقیہ 11

میزائل اور ڈرون حملوں سے امریکی اڈوں کو پہنچنے والے نقصان کی مرمت کے اخراجات کا تخمینہ واضح طور پر شامل نہیں۔

بقیہ 12

متعدد مقامات پر پانی اور بجلی سمیت بنیادی سہولیات کی فراہمی منقطع کر دی گئی ہے۔ بھارت کی مختلف ریاستوں میں 2 ہزار سے زائد کارروائیوں میں درجنوں مساجد اور مدارس مسمار کیے گئے۔ بھارتی اپوزیشن اور مسلم رہنما بھی مسماری کی کارروائیوں کو مودی کا سیاسی ہتھیار قرار دے چکے ہیں۔ مودی سرکار کے مسلم مخالف اقدامات بھارت کے نام نہاد آئینی ڈھانچے اور اقلیتوں کے تحفظ کے لیے تباہ کن ثابت ہو رہے ہیں۔

بقیہ 13

نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ آبنائے ہرمز سے تیل کی ترسیل میں اضافہ ہو رہا ہے اور اشارہ دیا کہ اس آبی گزرگاہ کا نام جلد تبدیل کرکے آبنائے ٹرمپ رکھا جاسکتا ہے۔

بقیہ 14

یمنی کرام پر جاری بیان میں کہا کہ مصر اور اس کی پارلیمنٹ نے سعودی عرب کے دفاع کی حمایت کا اعلان کیا ہے، اور ایسا کرکے وہ جمہوریہ یمن کے خلاف جنگ کا اعلان کررہے ہیں۔

بقیہ 15

اسرائیلی فوج نے دعویٰ کیا کہ مصری شہری رات کے وقت نیتزانا کے قریب سرحدی باڑ عبور کرکے اسرائیلی علاقے میں داخل ہوا تھا۔ اسرائیلی فوج کا کہنا تھا کہ شہری کو مزید پوچھ گچھ کے لیے سیکیورٹی فورسز کے حوالے کردیا گیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اس حوالے سے مزید تفصیلات فراہم نہیں کی گئیں۔

بقیہ 16

منانی جتھے ہیں اور اسی لیے گزشتہ کئی دہائیوں سے اس قبضے کے خلاف جدوجہد کر رہے ہیں۔ چیئرمین کشمیر کونسل ای یو نے کہا کہ کشمیری عوام خواہ وہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں رہتے ہوں، آزاد کشمیر میں آباد ہوں یا دنیا کے کسی بھی حصے میں مقیم ہوں، ہر سال 27 اکتوبر کو متحاجا یوم سیاہ کے طور پر مناتے ہیں تاکہ عالمی برادری کی توجہ جموں و کشمیر کے دیرینہ تنازع اور کشمیری عوام کی مشکلات کی جانب مبذول کروائی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ 27 اکتوبر کو اس احتجاج کا مقصد بھارتی حکومت کو واضح پیغام دینا ہے کہ کشمیری عوام بھارت کے قبضے کو قبول نہیں کرتے، کشمیری قوم اپنے مستقبل کا فیصلہ کسی دبا، جبر یا خوف کے بغیر ایک آزادانہ ماحول میں کرنا چاہتی ہے، حقِ خودارادیت کشمیری عوام کا بنیادی حق ہے اور اس حق کے حصول کے لیے ان کی جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ 17

بتایا کہ ٹوکیو میں قائم سائبر سکیورٹی کمپنی ٹرینڈ مائیکرو کے ذیلی ادارے ٹرینڈ اے آئی "کے محققین اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ اسرائیلی کمپنی ڈسکورٹیک سٹارلنک کے صارفین کو دکھائے جانے والے ڈیجیٹل اشتہارات کے سب سے بڑے ذرائع میں سے ایک ہے۔ غالب امکان ہے کہ ان اشتہارات کو صارفین کے جغرافیائی مقامات کا تعین کرنے یا دوسرے طریقوں سے ان کی نگرانی کے لیے استعمال کیا جارہا ہے۔ محققین نے اپنے نتائج کے لیے ٹرینڈ اے آئی کے ٹیلی میٹری ڈیٹا جمع کرنے والے نظام میں موجود ڈیجیٹل اشتہارات کے اعداد و شمار کا جائزہ لیا۔ اس کے بعد وہ اس نتیجے پر پہنچے کہ ڈسکورٹیک دنیا بھر میں سٹارلنک کے صارفین کو ہدف بنانے والے اشتہارات کی سب سے بڑی بولی دہندگان میں شامل ہوگئی ہے۔ کمپنی 100 سے زائد ممالک میں سٹارلنک نیٹ ورک پر منتقل ہونے والے ڈیٹا سے متعلق اشتہارات کے لیے سب سے زیادہ بولی لگانے والی کمپنی تھی۔ ان ممالک میں کئی ایسے ملک بھی شامل ہیں جہاں سٹارلنک سروس پر پابندی عائد ہے یا اس کے استعمال کو محدود کیا گیا ہے۔

بقیہ 18

دور ہٹ کر اس سے دست بردار ہوئی ہیں۔ امریکی کمانڈ نے اس دعوے کو غلط "قرار دیتے ہوئے اس بات کی تصدیق کی کہ مشرقِ وسطیٰ میں تعینات اس کی افواج اب بھی مذکورہ آبنائے اور اس کے اردگرد کے پانیوں میں موجود ہیں اور چوکنا حالت میں اپنے امور انجام دے رہی ہیں۔ مزید برآں کہا گیا کہ امریکی سینٹرل کمانڈ کے سربراہ نے ہفتے کے اختتام کے دوران خطے میں امریکی فوجی موجودگی کے تسلسل کا مظاہرہ کیا ہے۔ پوسٹ میں اس بات پر زور دیا گیا کہ امریکی افواج اور ان کے علاقائی شراکت دار اس بین الاقوامی آبی گزرگاہ پر کنٹرول رکھتے ہیں، جبکہ ایران اس پر کنٹرول رکھنے والا فریق نہیں ہے۔ اس پوسٹ میں آبنائے میں تعینات امریکی افواج کے حجم یا ان کے دقیق مقامات کی مزید تفصیلات شامل نہیں کی گئیں، اور نہ ان فوجی نقل و حرکت کی نوعیت کے بارے میں معلومات فراہم کی گئیں جن کی طرف اشارہ کیا گیا تھا۔

بقیہ 19

علاقے سیانگ میں مجوزہ ڈیم منصوبے کے خلاف 2 سال سے مظاہرے جاری ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مقامی آبادی نے مجوزہ ہائیڈرو پاور منصوبہ منسوخ کیے جانے تک احتجاج جاری رکھنے کا اعلان کر رکھا ہے، خدشہ ہے کہ اس ڈیم کی تعمیر سے 27 دیہات مکمل ڈوب جائیں گے، جبکہ مزید 40 سے 50 دیہات متاثر ہوں گے۔

بقیہ 20

نیوالوں کو بھی گرین کارڈ نہیں دیے جارہے۔ رکن کانگریس نے کہا کہ سفارتخانوں اور قونصل خانوں میں ویزا اپائنٹمنٹس کے مسائل ہیں، ہم نہیں چاہتے کہ آئس محکمہ اپنی حد سے تجاوز کرے۔ ڈیموکریٹک رکن کانگریس نے مزید کہا کہ امیگریشن نظام میں جامع اصلاحات ہونی چاہیے۔

بقیہ 21

جنسی تشدد کا نشانہ بنا کر جنسی جرائم کا ارتکاب کیا۔

بقیہ 22

کے بجٹ کو بہتر بنانے کے پروگرام کے تعاون سے اس کانفرنس اور نمائش کا اہتمام کررہی ہے۔ یہ پروگرام سعودی وژن 2030 کا حصہ ہے۔ کانفرنس کے ساتھ منعقد ہونے والی نمائش 67 ہزار مربع میٹر سے زائد رقبے پر پھیلی ہوگی، جس میں سرکاری، نجی اور غیر منافع بخش شعبوں کے ادارے حج زائرین کو خدمات فراہم کرنے کے لیے اپنی مصنوعات، جدید ٹیکنالوجی اور مختلف اقدامات پیش کریں گے۔

بقیہ 23

۔ جدہ اور ینبع میں ممکنہ حملے کی وارننگ کچھ دیر بعد واپس لے لی گئی۔

بقیہ 24

مصنوعات تیار کرنے والی صنعت کے منافع میں سالانہ بنیاد پر 103.8 فیصد اضافہ ہوا، جبکہ فولاد سازی اور فولادی مصنوعات کی تیاری و پروسیسنگ کی صنعت کے منافع میں 73.3 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ پٹرولیم، کوئلے اور دیگر ایندھن کی پروسیسنگ سے وابستہ صنعت خسارے سے نکل کر منافع میں آگئی۔ اس عرصے کے دوران نامزد سائز سے بالا صنعتی اداروں کی کاروباری آمدنی 106.21 ٹریلین یوآن رہی، جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 6.6 فیصد زیادہ ہے۔ ان اداروں کے مجموعی اثاثوں کی مالیت 199.10 ٹریلین یوآن تک پہنچ گئی، جس میں سالانہ بنیاد پر 6.7 فیصد اضافہ ہوا۔ صرف ستمبر میں نامزد سائز سے بالا صنعتی اداروں کے منافع میں گزشتہ سال کے اسی مہینے کے مقابلے میں 14.4 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ 25

روسی وزارت دفاع کے مطابق یوکرینی افواج ایوتھلی جانے والی سڑکوں پر گولہ باری اور ڈرون حملے کررہی ہیں، جبکہ شہری گاڑیوں کو تباہ کرنے اور انخلا میں رکاوٹ ڈالنے کے لیے ڈرونز کے ذریعے سڑکوں پر بارودی سرنگیں بچھائی جارہی ہیں۔

بقیہ 26

انٹرویو سینٹر کرتے ہوئے یہ تجویز پیش کی۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ویڈیو شیئر کرتے ہوئے اسٹیون چیونگ نے لکھا کہ خواتین وحضرات! میرا خیال ہے کہ ہمیں وائٹ ہاس کی نئی پریس سیکریٹری مل گئی ہیں۔ ویڈیو میں اسٹیون چیونگ مشی گن جاتے ہوئے طیارے میں نکی مناج سے سوالات کرتے دکھائی دیے۔ ویڈیو میں انہوں نے گلوکارہ سے امریکی معیشت، بین الاقوامی تعلقات کے حوالے سے ٹرمپ کی حکمتِ عملی اور ان کے طرزِ عمل سے متعلق سوالات کیے۔ بعدازاں نکی مناج نے مشی گن میں ریپبلکن پارٹی کی انتخابی ریلی میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ شرکت کی۔

بقیہ 27

لیے درکار اکثریت حاصل کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہے۔ اسرائیل کی مرکزی انتخابی کمیٹی کے اعداد و شمار کے مطابق 27 اکتوبر کو جاری تازہ ترین صورت حال میں 27 لاکھ سے زیادہ ووٹوں کی گنتی مکمل ہوچکی تھی، جو مجموعی ووٹوں کا تقریباً 55.4 فیصد بنتے ہیں۔ ابتدائی نتائج میں نیتن یاہو کی لیکوڈ پارٹی کو 20.8 فیصد درست ووٹ ملے، جبکہ ایزن کوٹ کی یاشار پارٹی 17.06 فیصد ووٹوں کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہی۔ نفتالی بینیٹ کے اتحاد ٹوگیدر نے 9.2 فیصد ووٹوں کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کرلی، جبکہ عرب قیادت میں قائم جوائنٹ لسٹ اس سے پیچھے چلی گئی۔ عرب جماعتوں کو مجموعی طور پر 18 سے 19 پارلیمانی نشستیں ملنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ تاہم دونوں بڑے سیاسی دھڑوں نے حکومت سازی کے لیے ان جماعتوں کو ساتھ ملانے کا عندیہ نہیں دیا۔ اسرائیلی مرکزی انتخابی کمیٹی کے مطابق ووٹر ٹرن آٹ 77.7 فیصد رہا، جو تقریباً تین دہائیوں میں بلند ترین شرح قرار دیا گیا ہے۔ انتخابی نتائج ابھی ابتدائی ہیں اور ووٹوں کی مزید گنتی کے ساتھ ان میں تبدیلی ہوسکتی ہے۔ اس لیے فی الحال یہ واضح نہیں کہ حکومت سازی کے لیے کس سیاسی اتحاد کو مطلوبہ حمایت حاصل ہوگی۔

بقیہ 28

سے دو چار آندھرا پردیش کے علاقوں سے پیر کی رات تک تقریباً 50 ہزار افراد کو پناہ گاہوں میں منتقل کردیا گیا جبکہ مجموعی طور پر 4 لاکھ افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق بھارتی ریاست اڑیسہ کے 5 اضلاع میں منگل اور بدھ کو اسکول اور کالج بند رکھنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ دوسری جانب، نیپال میں حکام نے سیاحوں کو بلند پہاڑی علاقوں میں جانے سے گریز کرنے کی ہدایت کردی ہے۔ رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ طوفان کے اثرات سے جمعرات کی رات سے ہفتے تک ہمالیائی خطے میں شدید بارش، برفانی طوفان اور برفانی تودے گرنے کا خدشہ ہے۔

بقیہ 29

مطابق ٹارگیٹڈ کارروائیوں میں طالبان رجیم کے 9 اہلکار ہلاک جبکہ 9 سے زائد زخمی ہوئے۔ اسی طرح افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کے مطابق کابل کے علاقے قرہ باغ میں طالبان رجیم کی گاڑی پر مسلح حملے میں 2 اہلکار ہلاک اور ایک زخمی ہوا۔ افغان گرین ٹریڈ کے مطابق صوبہ بدخشاں کے دارالحکومت فیض آباد میں طالبان انٹیلی جنس اہلکاروں کی گاڑی کو حملے کا نشانہ بنایا گیا، 2 اہلکار شدید زخمی حالت میں اسپتال منتقل کیا گیا ہے۔

بقیہ 30

زرعی زمینوں اور املاک تک پھیلنے سے روک دیا گیا۔ حکام کے مطابق واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ بھوسا جلنے سے مقامی کسانوں اور مویشی پال حضرات کو مالی نقصان اٹھانا پڑا، جو خصوصاً سردیوں میں جانوروں کی خوراک اور بستر کے لیے ذخیرہ شدہ بھوسے پر انحصار کرتے ہیں۔

بقیہ 31

کی اور منتوب حوالے کیا۔ ملاقات میں دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات کا جائزہ اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر مملکت میں قازقستان کے سفیر بھی موجود تھے۔

بقیہ 32

کو بونزوانڈا نے نیویارک میں رپورٹ پیش کرتے ہوئے کہا کہ جنگ خواتین اور لڑکیوں کے لیے پہلے سے زیادہ مہلک ہورہی ہے اور دنیا اسے جاری رہنے دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان خواتین کے لیے جنگ کوئی ایسی چیز نہیں جسے نظرانداز کیا جاسکے بلکہ یہ ان کے گھروں کی دہلیز تک پہنچ چکی ہے۔ رپورٹ کے مطابق 2025 میں اقوام متحدہ نے تنازعات سے متعلق جنسی تشدد کے 9 ہزار 788 واقعات کی تصدیق کی، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں دوگنا سے زیادہ اور 2022 کے مقابلے میں تقریباً چار گنا ہیں۔ ہیٹی میں جنسی تشدد کے رپورٹ شدہ واقعات میں 163 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ تنازعات سے متاثرہ ملک میں حاملہ خاتون کے زچگی کے دوران موت کا خطرہ پرامن ملک کی خاتون کے مقابلے میں پانچ گنا زیادہ ہوتا ہے۔ غزہ میں ہسپتالوں اور زچگی مراکز کی تباہی اور ضروری طبی سامان کی عدم دستیابی کے باعث زندہ بچوں کی پیدائش میں 41 فیصد کمی جبکہ اسقاطِ حمل کے واقعات میں 300 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ جنگ کے باعث خواتین کی غربت میں بھی اضافہ ہورہا ہے۔ تقریباً 17 کروڑ خواتین اور لڑکیاں ایسے علاقوں میں رہتی ہیں جہاں مسلح تنازعات اور انتہائی غربت دونوں موجود ہیں، اور وہ روزانہ تین ڈالر سے بھی کم پر گزارا کرتی ہیں۔ تنازعات سے متاثرہ ممالک میں خواتین، مردوں اور لڑکوں کے مقابلے میں بلا معاوضہ نگہداشت کے کام پر پانچ گنا زیادہ وقت صرف کرتی ہیں۔ رپورٹ میں آبادی والے علاقوں میں ڈرونز اور طویل فاصلے تک مار کرنے والے ہتھیاروں کے بڑھتے ہوئے استعمال پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا، خصوصاً سکولوں، بازاروں اور ہسپتالوں پر حملوں کو شہریوں کی سلامتی کے لیے سنگین خطرہ قرار دیا گیا ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق خواتین کو امن کے قیام کی کوششوں میں بھی محدود مواقع حاصل ہیں۔ 2025 میں 57 امن مذاکراتی عمل کے دوران مذاکرات کاروں میں خواتین کا تناسب صرف پانچ فیصد رہا، جو اس سے پہلے سال کے مقابلے میں سات فیصد کم تھا۔

بقیہ 33

کیا۔ ہیری کین نے گزشتہ سیزن میں بائرن میونخ کی جانب سے 61 گول کیے، جبکہ کلب نے جرمن بنڈس لیگا اور جرمن کپ کے ٹائٹل اپنے نام کیے۔ وہ یورپی فٹبال ایسوسی ایشنز کی یونین (یوئیفا) کے رکن ملکوں کے بہترین گول اسکورر کی حیثیت سے یورپی گولڈن شو ایوارڈ بھی جیت چکے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ہیری کین نے 2026 کے فیفا ورلڈ کپ میں انگلینڈ کی نمائندگی کرتے ہوئے کانسی کا تمغہ بھی حاصل کیا۔

بقیہ 34

کے خاتمے کی ضرورت ہے کے معاملے پر مسلسل 34 مرتبہ بحث ہوچکی ہے لیکن متعلقہ قراردادوں پر آج تک عمل درآمد نہیں کیا گیا۔ چینی ترجمان نے کہا کہ چین ایک بار پھر امریکا سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ کیوبا کی ناکہ بندی اور اس پر دباؤ فوری طور پر ختم کرے۔ کیوبا کے خلاف امریکا کی اقتصادی، تجارتی اور مالیاتی ناکہ بندی ختم کرنے سے متعلق قرارداد پر فوری عمل درآمد کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہر ملک کو اپنے قومی حالات کے مطابق سماجی نظام اور ترقی کا راستہ آزادانہ طور پر منتخب کرنے کا حق حاصل ہے۔ کیوبا کے مستقبل اور تقدیر کا فیصلہ صرف کیوبا کے عوام ہی کرسکتے ہیں۔ کسی بھی ملک کو پابندیاں زبردستی مسلط کرنے، اپنے عزائم اور ترقی کا راستہ دوسروں پر تھوپنے، فوجی دھمکیاں دینے یا عدالتی اختیارات کے ناجائز استعمال کے ذریعے کیوبا پر دباؤ ڈالنے کا حق حاصل نہیں ہے۔

بقیہ 35

۔ رپورٹ کے مطابق اکتوبر کے وسط میں روسی حکومت کی جانب سے برآمدی کوٹے میں ردوبدل کے بعد یومیہ پیداوار اکتوبر کے اوائل کیا یک لاکھ 60 ہزار ٹن سے بڑھ کر ایک لاکھ 80 ہزار ٹن ہوگئی ہے روس نے ڈیزل کی برآمدات پر عائد پابندیوں میں نرمی کی ہے جس کے تحت روسی کمپنیاں اکتوبر میں بین الاقوامی منڈیوں میں 5 لاکھ ٹن تک ایندھن بھیج سکتی ہیں۔

بقیہ 36

دیا گیا۔ طوفان کے اثرات کے پیش نظر نیپال میں بھی شدید بارشوں اور برفانی طوفان کے خطرے کے باعث بلند پہاڑی علاقوں کے لیے ٹریکنگ پرمٹ کا اجرا 3 روز کے لیے معطل کردیا گیا۔

بقیہ 37

انفراسٹرکچر کے تمام مسائل ہنگامی بنیادوں پر حل کیے جائیں، طلباء وطالبات کو سکولوں میں محفوظ ماحول فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، تمام سکولوں میں سمارٹ بورڈز جلد از جلد نصب کیے جائیں، وفاقی دارالحکومت میں سکولوں کے مسائل حل کرنے کے لیے تمام وسائل فوری طور پر بروئے کار لائے جائیں، اسلام آباد کے سرکاری سکولوں کے اساتذہ تعلیم وتدریس کے علاوہ کسی اور سرگرمی میں حصہ نہیں لیں گے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرِ صدارت اسلام آباد میں سکولوں میں اصلاحات کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا جس میں وزیراعظم نے اسلام آباد میں تمام سرکاری سکولوں میں انفراسٹرکچر، نصاب، اساتذہ کی تربیت اور دیگر اصلاحات کے ہنگامی بنیادوں پر نفاذ کی ہدایت کی ہے۔ شہباز شریف نے فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن کو ایک مؤثر اور فعال ادارے میں تبدیل کرنے کے لیے حکمت عملی تشکیل دینے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 38

اشتعال حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے پاکستان کی مسلح افواج کو فوری، بھرپور اور فیصلہ کن جواب دینے پر خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور شہریوں کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور ملک کے دفاع کے لیے پوری قوم اپنی مسلح افواج کے ساتھ کھڑی ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے اپنے بیان میں کہا کہ افغان طالبان رجیم کسی خوش فہمی میں نہ رہے، پاکستان اپنے عوام پر حملوں اور اپنی خودمختاری کی خلاف ورزی کو کبھی برداشت نہیں کرے گا۔

بقیہ 39

معاملات بگڑتے چلے جارہے ہیں، آئیں ایک میز پر بیٹھیں اور نیا میثاق جمہوریت کریں، اس میں حکومت بھی ہو اپوزیشن بھی ہو۔ قومی اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ پارلیمنٹ عوام کا نمائندہ ادارہ ہے، برداشت کی قوت ختم ہوگئی ہے، معاملات بگڑتے چلے جارہے ہیں، جب لانگ مارچ اسلام آباد کی طرف آرہا تھا تو پی ٹی آئی کے دوستوں نے مجھے کہا کہ اس میں آپ کا کوئی کردار ہونا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ اگلے دن آپ تشریف لائے، رانا ثنااللہ تھے، اس موضوع پر تفصیلی بات ہوئی، رات کو وزیراعظم کے دفتر سے فون آیا کہ کھانے پر بلانا چاہتا ہوں، میں نے ان کی دعوت قبول کی، تفصیلی گفتگو ہوئی، اس کے بعد وزیراعظم نے کہا کہ وہ لانگ مارچ کو کال آف کریں۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ ساڑھے دس بجے اسحٰق ڈار کا فون آیا کہ کابینہ نہیں مان رہی، ہم نے تو کوشش کی معاملے کو ٹھیک طریقے سے حل کیا جائے، وہاں پر گورنر راج بھی لگایا گیا اور ایمرجنسی بھی، حکومت کی طرف سے کہا جاتا ہے کہ ہم نے تو آئینی پروسیجر مکمل کیا ہے۔ سربراہ جے یو آئی نے کہا کہ حکومت نے آئین کو غلط استعمال کیا ہے، طاقت کے ذریعے انتقال اقتدار کا عمل لایا گیا، آپ نے آرٹیکل 2 اے کو نظرانداز کیا، غیر سیاسی اقدام کیا، کیا بلوچستان میں حالات اس سے خراب نہیں ہیں، وہاں پر کمشنر بھی اغوا ہوجاتے ہیں۔

بقیہ 40

نے بدھ کو وزارت خارجہ میں ملاقات کی۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کی جانب سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) نعمان محمود کو ان کی تقرری پر مبارکباد دی اور اہم ذمہ داریوں میں ان کی کامیابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے علاقائی اور بین الاقوامی امن واستحکام کے لیے پاکستان کی جاری سفارتی کوششوں کو اجاگر کیا اور خطے میں پائیدار امن کو فروغ دینے میں مکمہ دفاعی اتحاد کے اہم کردار پر زور دیا۔

بقیہ 41

اصلاحاتی عمل پیشرفت کا روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ کا فیصلہ کرلیا ہے اس ضمن میں وزیراعظم آفس کی ہدایات کے تحت پمز اصلاحات پیشرفت نگرانی کے لیے مانیٹرنگ کمیٹی قائم کردی گئی۔ وزارت صحت میں پمز ایکشن میٹرکس پر عمل درآمد کے لیے 3 رکنی مانیٹرنگ کمیٹی قائم کی گئی ہے۔ دستاویز کے مطابق جوائنٹ سیکریٹری، وزارت صحت انور الحق کمیٹی کے چیئرمین مقرر کردیے گئے جبکہ پراجیکٹ ڈائریکٹر) بے ایم سی آر سی (جاسم انور اور سیکشن افسر عالم زیب بھی کمیٹی ارکان ہوں گے۔ کمیٹی روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ سیکریٹری وزارت صحت کو پیش کرے۔ واضح رہے کہ مانیٹرنگ کمیٹی نے فوری طور پر ذمہ داریاں سنبھال کر کام کا آغاز کردیا۔

بقیہ 42

مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے۔ وزیراعظم سے وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے ملاقات کی، جس میں وزارت ریلوے کے انتظامی، مالیاتی اور اصلاحاتی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وفاقی وزیر ریلوے نے وزیراعظم کو پاکستان ریلوے کی مجموعی کارکردگی، جاری ترقیاتی منصوبوں اور ادارے کی بہتری کے لیے کیے جانے والے اقدامات کے بارے میں آگاہ کیا۔ اس موقع پر ریلوے کی فریٹ سروسز کو مزید مؤثر بنانے اور مسافروں کو جدید سفری سہولیات فراہم کرنے سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ ریل کے سفر کو محفوظ، آرام دہ اور قابل اعتماد بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات ہنگامی بنیادوں پر کیے جائیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان ریلوے میں اصلاحاتی عمل کو مؤثر انداز میں آگے بڑھایا جائے اور انتظامی و مالیاتی امور میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان ریلوے کی بحالی اور ادارے میں انقلابی اصلاحات کے لیے حکومت کے مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا

بقیہ 43

آخر چاہتے کیا ہیں؟ بلوچ بچیوں کو تعلیم سے دور کرنا، ان پر حملے کرنا اور معصوم طالبات کو گولیوں کا نشانہ بنانا کون سی بلوچیت اور کون سی روایات ہیں؟ بلوچ معاشرہ اپنی روایات کا امین ہے، لیکن اب بلوچستان کے لوگوں پر واضح ہوچکا ہے کہ یہ عناصر بلوچ بچیوں کو تعلیم سے دور رکھنے اور انہیں خودکش حملہ آور بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب بلوچستان کے بچے اور بچیاں تعلیم حاصل نہیں کریں گے تو دہشت گرد انہیں ریاست پاکستان کے خلاف پروپیگنڈے کے ذریعے استعمال کرنے کی کوشش کریں گے اور وہ ان کے لیے آسان ہدف بن جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ نے اس بزدلانہ کارروائی کی شدید مذمت کرتے ہوئے بلوچستان کے عوام، بالخصوص زخمی طالبات اور ان کے والدین کو یقین دلایا کہ حکومت ان قاتلوں کا پیچھا نہیں چھوڑے گی۔ سیکیورٹی فورسز ان ظالموں اور دہشت گردوں تک پہنچ کر انہیں کیفر کردار تک پہنچائیں گی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ واقعہ بلوچستان کے دانشوروں، پروفیسرز اور سول سوسائٹی کے لیے لمحہ فکریہ ہے کہ ایسے حملوں سے دہشت گرد کیا حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ ایک طرف بلوچستان حکومت اپنی بچیوں کے لیے آکسفورڈ

1 بقیہ

سینیٹر انس مندوخیل، پارلیمانی سیکرٹری نوزادہ زرین خان کاسی، اراکین قومی اسمبلی جاوید جاجر، عبدالرحمن کھیران کلی، میر نواز خان مندوخیل، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر عبدالرزاق بلوچ، اے ایس پی لسبیلہ ڈسٹرکٹ صدر شاہنواز پارلیمانی سیکرٹری اور ٹھٹھی مندوخیل نے کہا کہ پارلیمانی سیکرٹری نوزادہ زرین کسی اور ایم این اے زرک مندوخیل ہماری پارٹی کے اپنی اولاد ہیں اور ٹھٹھی کا پورا علاقہ ان چیلنجز سے نمٹنے کیلئے ہمارے ساتھ ہے، انہوں نے مزید کہا کہ آج حوب پارلیمانی ارکان ایم ایس ڈسٹرکٹ صدر شاہنواز

سیکرٹری اطلاعات عمران خان بلوچستان رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2021 کے تحت پبلک انفارمیشن آفیسرز کی تربیتی ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

معلومات تک رسائی کا حق جواب دہی اور عوامی اعتماد کے فروغ کیلئے بنیادی اہمیت رکھتا ہے، عمران خان

شہریوں کو ہر معلومات کے حصول کے لیے الگ سے درخواست دینے کی ضرورت نہ پڑے اور سرکاری معاملات میں شفافیت کو فروغ حاصل ہو

قانون پر مؤثر عملدرآمد، معلومات کی بروقت فراہمی اور ادارہ جاتی تعاون کے ذریعے شفافیت اور جوابدہی کو فروغ دیا جا سکتا ہے، ورکشاپ سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) صوبائی سیکریٹری اطلاعات حکومتِ بلوچستان عمران خان نے کہا ہے کہ معلومات تک رسائی کا حق شفاف طرزِ حکمرانی، جوابدہی اور عوامی اعتماد کے فروغ کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے، جبکہ سرکاری اداروں میں معلومات کی بروقت اور مؤثر فراہمی سے عوام کو حکومتی امور سے باخبر رکھنے اور ادارہ جاتی کارکردگی بہتر بنانے میں مدد ملتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان کے زیرِ اہتمام، بلوچستان انفارمیشن کمیشن کے اشتراک سے بلوچستان رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2021 کے سیکشن 5، یعنی ازخود معلومات کی تشہیر (Disclosure Proactive)، کے موضوع پر پبلک انفارمیشن آفیسرز (PIOs) کی تربیتی ورکشاپ سے اپنے تفصیلی خطاب میں کیا۔ انہوں نے (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 30)

اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان کے دفتر میں کھلی کچہری منعقد کی جائے گی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعظم پاکستان کے وژن کے تحت اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان کے دفتر میں بروز منگل، 3 نومبر (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 29)

دور افتاد اور پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی عمل کو تیز کیا جائے، احمد سعید جعفر

کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور تمام کام مقررہ معیارات اور مدت کے اندر مکمل کیے جائیں

موسیٰ خیل (خ ن) حکومت بلوچستان کے مواصلات و تعمیرات کی ترقی کے ویژن اور وزیراعلیٰ بلوچستان کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ضلع موسیٰ خیل کی تحصیل درگ میں کھچی روڈ کی تعمیر و مرمت کا کام انتہائی تیزی سے جاری ہے۔ اس سلسلے میں ایس ڈی او مواصلات و تعمیرات احمد سعید جعفر نے کھچی روڈ پر جاری ترقیاتی کام کا تفصیلی معائنہ کیا۔ معائنے کے دوران ایس ڈی او نے سڑک کی تعمیر میں استعمال ہونے والے مواد کی جانچ پڑتال کی اور کام کے معیار اور رفتار کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ انہوں نے موقع پر موجود ٹھیکیداروں اور تکنیکی عملے کو (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 31)

صحت عامہ سے متعلق امور کو ترجیحی بنیادوں پر آگے بڑھایا جائے، یاسر اقبال

مؤثر اور اہل افرادی قوت ہی صحت کے نظام کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالروف بلوچ اور ڈپٹی ڈی ایچ او کیچ ڈاکٹر محسن منیر بلیدی نے ملاقات کی جس میں ضلع کیچ میں صحت عامہ کی مجموعی صورتحال ٹیچنگ ہسپتال تربت کو درپیش مسائل، طبی سہولیات کی بہتری اور ہسپتال میں مختلف آسامیوں پر تقرریوں سمیت اہم امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ملاقات کے دوران ضلع بھر میں عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی، ہسپتالوں کی کارکردگی میں بہتری، طبی عملے کی دستیابی اور ٹیچنگ ہسپتال تربت کو درپیش انتظامی و دیگر مسائل (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 32)

مولانا ہدایت الرحمٰن کی معین الرحمٰن خان سے ملاقات

تعلیمی اداروں کی بہتری سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن نے آج ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمٰن خان سے ان کے دفتر میں ملاقات کی، جس میں سربندر، پشکان اور گوادر کے مختلف علاقوں میں جاری و مجوزہ ترقیاتی منصوبوں، بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی اور تعلیمی اداروں کی بہتری سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ شاہد علی اور ایم پی اے کے پرسنل اسسٹنٹ وہیم صمد بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران سربندر میں لنک روڈ پر پل کی تعمیر کے مجوزہ منصوبے (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 33)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے پرنسپل اسلامیہ گرلز کالج زرین یوسف کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

پارٹی میں کارکن ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، ندیم افضل چن

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ندیم افضل چن سے پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنما انجینئر ہادی عسکری کی قیادت میں پارٹی کے ایک وفد نے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بلوچستان کی سیاسی صورتحال اور پارٹی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وفد سے بات چیت کرتے ہوئے ندیم افضل چن نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ملک کی سب سے بڑی سیاسی و جمہوری جماعت ہے جس نے عوام کے حقوق کیلئے ہمیشہ جدوجہد کی۔

Government of Pakistan

Ministry of Federal Education and Professional Training

URAAN PAKISTAN



Applications are invited from Pakistani Nationals having requisite qualification, experience, Balochistan domicile and age to fill the following post in the Ministry of Federal Education & Professional Training:-

Position Available	BPS	Number of Vacancies	Age Limit	Last Qualification
Lower Division Clerk (LDC)	BPS-11	01	18–35 Years	i. Matriculation. ii. Minimum typing speed of 30 w.p.m. iii. The selected candidates shall have to undertake and qualify 3 weeks Basic IT Training Course (including MS Office), conducted by the NITB, within one year.

Terms and Conditions:

1) Application must be submitted through the **National Job Portal – njp.gov.pk** using the dedicated link created for this recruitment exercise on or before **16-11-2026.**
2) Only shortlisted candidates will be allowed for walk-in interview.
3) Applicants already in government service or in the service of autonomous bodies, corporations, etc must apply through the proper channel after obtaining an NOC.
4) In addition to the existing 5 years of general relaxation included in the upper age limit, other age relaxation will be applicable as per prevailing government rules. Balochistan domicile holder candidates will be also be allowed upper age relaxation of five 5 years instead of existing 3 years only for this special exercise.
5) For posts upto BS-15 requiring trainable skills, such as typing or basic computer proficiency, there shall be a one-time relaxation of the requirement to possess the prescribed skill at the time of initial appointment. In case none of the candidates have any certifications at the time of the selection, the selected candidates shall acquire the prescribed proficiency through departmental on-the job training after joining within probation period. Their proficiency shall be assessed before confirmation. Failure to acquire it shall be dealt with under the applicable probation and service rules.
6) Original documents along with set of attested copies of certificates issued by recognized Board / IBCC as well as CNIC and Domicile Certificate or valid residence certificate of Balochistan, must be presented at the time of the interview. In case any information furnished by the applicant is found fake or bogus, his or her candidature shall stand cancelled during any stage of recruitment, and also after employment.
7) Recruitment will be done at the doorstep (at District level) with the help of newly established Employment Cells in the districts of Balochistan as a special case to ensure recruitment of residents.
8) No TA/DA shall be admissible for appearing in interview.

Section Officer (Admn)
M/o Federal Education & Professional Training
1st Floor, Block-C, Pak Secretariat,
Islamabad.

PID (I) 3951/26

وزیراعلیٰ نے یتیم بچے منیر احمد سمیت پانچ بہن بھائیوں اور ان کی والدہ کی مکمل کفالت کی ذمہ داری اٹھالی

بے سہارا اور ضرورت مند بچوں کی تعلیم، تربیت اور بہتر زندگی کے مواقع کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو کے ذریعے توجہ حاصل کرنے والے ڈھابے پر کام کرنے والے یتیم بچے منیر احمد سمیت پانچ بہن بھائیوں اور ان کی والدہ کی مکمل کفالت کی ذمہ داری اٹھالی ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان سے منیر احمد نے ملاقات کی، جس کے دوران میر سرفراز بگٹی نے بچوں کی مشکلات اور حالاتِ زندگی کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور ان کی بہتر تعلیم و تربیت اور محفوظ مستقبل کے لیے ضروری اقدامات کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ نے منیر احمد، اس کے چھوٹے بھائی اور تینوں بہنوں کو تعلیمی اداروں میں (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 13)

مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کا انڈس ہسپتال گوادر کا دورہ

متاثرہ ملازمین کو ان کی واجب الادا تنخواہوں کی ادائیگی کی یقین دہانی کرائی

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے آج رات انڈس ہسپتال گوادر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف وارڈز کا معائنہ کیا اور زیرِ علاج مریضوں اور ان کے لواحقین سے ملاقات کر کے خیریت دریافت کی۔ اس موقع پر انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور انہیں درپیش مشکلات کے بارے میں معلومات حاصل کیں مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر احتجاج کرنے والے ہسپتال کے سیکیورٹی گارڈز سے بھی ملاقات کی اور ان کے مسائل سنے۔ انہوں نے اس سلسلے میں (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 14)

جامعہ گوادر اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف میری ٹائم کا تعلیمی و تحقیقی تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق

طلبا کو بائیوٹیکنالوجی کے شعبوں میں عملی تجربہ اور پیشہ ورانہ مہارتیں حاصل کرنے کا موقع ملے گا

گوادر (خ ن) جامعہ گوادر اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف میری ٹائم افیئرز پاکستان نے تعلیمی و تحقیقی تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے، جس میں بالخصوص بلیو اکانومی، چین پاکستان اقتصادی راہداری اور میرین بائیوٹیکنالوجی پر توجہ دی جائے گی۔ اس سلسلے میں دونوں اداروں کے نمائندوں کے درمیان آن لائن اجلاس منعقد ہوا۔ جامعہ گوادر کی جانب سے رجسٹرار ڈاکٹر دولت خان، ڈپٹی رجسٹرار عبدالماجد کے علاوہ شعبہ کیمسٹری کی لیکچرر نگین ولید، شعبہ زولوجی کی لیکچرر عتیقہ بلوچ اور شعبہ اکنامکس کی چیئرپرسن شمع سلیمان نے شرکت کی، جبکہ NIMA پاکستان کی نمائندگی (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 15)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے زیر اہتمام منعقدہ پروگرام کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

قلم کے جہاد کے سامنے دنیا کی کوئی دیوار یا رکاوٹ ثابت نہیں ہو سکتی، گورنر بلوچستان

نوجوانوں کی ذمہ داری ہے کہ دوسرے نوجوانوں کو بھی قومی دھارے میں لانے کیلئے اپنا موثر کردار ادا کریں، جعفر خان مندوخیل

پاکستان مسلم لیگ (ن) کے منشور میں نوجوانوں کی حوصلہ افزائی اور انہیں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا اہمیت رکھتا ہے، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن (MSF) کے زیرِ اہتمام پروگرام کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان ہماری سب سے بڑی طاقت ہیں، اور ہم ان کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور انہیں بااختیار بنانے کیلئے بھرپور اقدامات کر رہے ہیں۔ نوجوانوں کی ذمہ داری ہے کہ دوسرے نوجوانوں کو بھی قومی دھارے میں لانے کیلئے اپنا موثر کردار ادا کریں۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ہم سب پاکستانیت کو اپنائیں اور اپنی صلاحیتوں کو ملک و قوم کے بہترین مفاد میں بروئے کار لائیں۔ بلوچستان اس وقت ایک نازک دور سے گزر رہا ہے لہٰذا نوجوانوں کو صبر و تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی پڑھائی پر خصوصی توجہ دینی چاہیے۔ اس موقع پر سردار عبدالرحمٰن کیتھران، سینیٹر (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 1)

ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی زیرِ صدارت اجلاس

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی زیرِ صدارت کیمیکل و پریکرسرز کی نگرانی اور پریکرسرز ٹریکنگ (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 12)

شہریوں کو درپیش صفائی کے مسائل کا ازالہ کرنا ہے، طاہر خان ناصر

شہر کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے میونسپل کمیٹی کی کوششیں قابلِ تحسین ہیں

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بزیچ کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر لورالائی کی ہدایات پر چیئرمین میونسپل کمیٹی طاہر خان ناصر اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی محیب اللہ بلوچ کی نگرانی میں شہر بھر میں صفائی مہم جاری ہے، جس کے تحت مختلف محلوں، سڑکوں اور عوامی مقامات پر صفائی کا کام باقاعدگی سے انجام دیا جا رہا ہے۔ میونسپل کمیٹی کے صفائی عملے نے سپروائزرز کی نگرانی میں دو بیگاٹ زون کے محلہ حاجی رازق موسیٰ خیل، ہزارہ زون کے محلہ امیر زمان اور اسلامی مسجد روڈ سمیت مختلف علاقوں میں نالیوں کی صفائی کی۔ اس کے علاوہ بھنڈار محلہ میں کوڑا کرکٹ (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 2)

پولیس تھانوں میں سہولیات کی بہتری ہماری اولین ترجیح ہے، یونس عزیز زہری

قیدیوں کے لیے انسانی حقوق کے تقاضوں کے مطابق تمام بنیادی سہولیات کا خیال رکھا گیا ہے

خضدار (خ ن) خضدار سٹی پولیس تھانہ میں جدید سہولیات سے آراستہ لاک اپ رومز کا اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی میڈیونس عزیز زہری نے باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاحی تقریب کے مہمانِ خصوصی بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری تھے۔ تقریب میں ڈی آئی جی خضدار عمران قریشی، ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی سمیت ضلعی انتظامیہ اور پولیس کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر سٹی پولیس تھانہ کے احاطے میں پولیس افسران اور اہلکاروں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ افتتاحی تقریب میں لاک اپ رومز کی (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 3)

ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پلال کی زیرِ صدارت کھلی کچہری کا انعقاد

آبپاشی، صحت، تعلیم، سڑکوں اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی میں بہتری آئے گی، مقررین

نصیر آباد گنداخہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ اُستا محمد کی جانب سے گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری اسکول گنداخہ میں ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پلال کی زیرِ صدارت کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہریوں نے اپنے اجتماعی اور انفرادی مسائل پیش کرتے ہوئے متعلقہ محکموں کی توجہ بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی مشکلات کے حل کی جانب مبذول کروائی۔ کھلی کچہری میں چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید جمالی، اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر امیر جمالی، ڈی ایس پی سرکل گنداخہ محمد علی جمالی، ایس ایچ او گنداخہ نواب علی جمالی، تحصیلدار (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 4)

مسلم باغ: جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع مدارس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پانی کو قومی حکمتِ عملی کے منصوبوں میں خصوصی اہمیت دینا ناگزیر ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

پاکستان میں آبی تحفظ کے منصوبے میں بلوچستان کی زراعت اور پانی کی فراہمی کو ترجیح دینا ناگزیر ہے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کا آبی ڈھانچے کی تعمیر و ترقی پر 50 کھرب روپے سرمایہ کاری کا منصوبہ نہایت خوش آئند ہے۔ اس منصوبے کا مقصد پانی کی قلت پر قابو پانا، ذخیرہ کرنے کی صلاحیت بڑھانا اور زرعی ضروریات پوری کرنا ہے قومی آبی تحفظ کے فریم ورک کے تحت نئے ڈیموں، آبپاشی کے نظام میں بہتری، سیلاب سے تحفظ اور زیرِ زمین پانی کے مؤثر انتظام پر توجہ دی جائے۔ اخوری آف چینل اسٹوریج ڈیم، شیوک ڈیم اور اسکردو ڈیم سمیت مجوزہ منصوبے ملک (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 5)

پلیری کور ہور کے مقام پر کازوے کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری

گوادر (خ ن)۔ صوبائی حکومت کے عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے وژن کے تحت ادارہ ترقیات گوادر کی زیرِ نگرانی میرین ڈرائیو پر پلیری کور ہور کے مقام پر کازوے کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے منصوبے سے پشکان سمیت گردونواح کے علاقوں میں آمدورفت کو بہتر بنانا اور بارشوں کے دوران عوام کو درپیش سفری مشکلات میں کمی لانا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمٰن خان کی ہدایات پر سپرنٹنڈنگ انجینئر روڈز نادر بلوچ نے گزشتہ دنوں اپنی ٹیم کے ہمراہ تعمیراتی سائٹ کا دورہ کیا۔

پروفیسر برکت اسماعیل کا گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر کا دورہ

گوادر (خ ن)۔ ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر (کالجز) مکران ڈویژن پروفیسر برکت اسماعیل نے گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے فیکلٹی ممبران کے ساتھ اجلاس میں تعلیمی و تدریسی سرگرمیوں، طالبات کی حاضری اور کالج کے انتظامی امور کا جائزہ لیا اس موقع پر کالج کے پرنسپل سبین بلوچ نے ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر مکران کو کالج کے کارکردگی اور (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 11)

تعلیمی اداروں کی کارکردگی کی نگرانی، تدریسی عمل کو مؤثر بنانا ہے، ڈاکٹر ماہ نور

اورماڑہ (خ ن) صوبائی حکومت کی تعلیم دوست پالیسی کے تحت سرکاری تعلیمی اداروں میں معیارِ تعلیم کی بہتری اور تعلیمی نظم و ضبط کو یقینی بنانے کے لیے اسسٹنٹ کمشنر اورماڑہ ڈاکٹر ماہ نور بارکت نے مزید چار سرکاری اسکولوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول اسلامیہ لین، گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول جونا لین، گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول کوہ بن اور گورنمنٹ بوائز (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 10)

محکمہ مال ضلعی انتظامیہ کا ایک اہم شعبہ ہے، حسیب شجاع

متعلقہ افسران ریکارڈ کی جانچ پڑتال اور تصدیق کے عمل کو یقینی بنائیں

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیرِ صدارت زرعی انکم ٹیکس کی وصولی اور محکمہ مال کے انتظامی امور سے متعلق گیارہواں جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ریونیو معاملات، محصولات کی وصولی اور محکمہ مال کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں زرعی انکم ٹیکس کی وصولی، گزشتہ واجبات کی بازیابی، ریونیو ریکارڈ کی درستگی و تکمیل، زیرِ التواء ریونیو مقدمات، سرکاری اراضی کے تحفظ اور محکمہ مال کے مختلف شعبہ جات کی کارکردگی سمیت دیگر اہم امور پر تفصیلی غور کیا گیا اس موقع پر متعلقہ ریونیو افسران نے زرعی انکم ٹیکس کی وصولی اور دیگر (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 16)

خالد خان کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس

ترقیاتی منصوبوں کی پیشرفت کا جائزہ لے کر ترقیاتی عمل کو مؤثر انداز میں آگے بڑھانا

نصیر آباد ڈویژن (خ ن) برڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جعفر آباد حضور بخش بگٹی، محکمہ آبپاشی، تعلیم۔ میونسپل کارپوریشن، محکمہ مواصلات و تعمیرات سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران اور نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان اسٹیشنل ڈویلپمنٹ اینیشیٹو پروگرام کے فیز ون، فیز ٹو اور فیز تھری کے تحت ضلع جعفر آباد میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیشرفت، مالی ادائیگیوں اور مختلف اسکیموں کی موجودہ صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ محکموں (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 17)

بلوچستان کی ہنرمند خواتین کے لیے روزگار کے نئے مواقع

جاب فیئر میں 61 خواتین کو ملازمتوں کی پیشکش، 110 کے لیے بامعاوضہ انٹرن شپ کا اعلان

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کی ہنرمند خواتین کے لیے روزگار کے نئے مواقع، جاب فیئر میں 61 خواتین کو ملازمتوں کی پیشکش، 110 کے لیے بامعاوضہ انٹرن شپ کا اعلان۔ سیکریٹری محنت و افرادی قوت بلوچستان صالح محمد ناصر نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نوجوانوں اور خواتین کو معاشی طور پر خودمختار بنانے اور انہیں روزگار کے پائیدار مواقع فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، جبکہ خواتین کو ہنر کے مطابق روزگار کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہنرمند خواتین صوبے کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں اور انہیں (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 18)

ضلع کیچ کی یونین کونسل ڈنڈار، تحصیل ہوشاب، کی چیئرمین کی نشست پر انتخابی عمل مکمل

تربت: (خ ن) ضلع کیچ کی یونین کونسل ڈنڈار، تحصیل ہوشاب، کی چیئرمین کی نشست پر انتخابی عمل مکمل کر لیا گیا، جس کے نتیجے میں غلام جان ولد علی محمد بلا مقابلہ چیئرمین منتخب ہو گئے۔ انتخابی عمل اسسٹنٹ کمشنر و ریٹرننگ آفیسر ابوبکر میروانی کی سربراہی میں مکمل ہوا، جبکہ اس موقع پر ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کیچ اصغر علی بھی موجود تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر و ریٹرننگ آفیسر ابوبکر میروانی نے انتخابی عمل کی نگرانی کی اور اس کی (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 24)

بارکھان، ڈویژنل ٹاسک فورس برائے انسداد پولیو وای پی آئی کا اجلاس

بارکھان/رخشنی (خ ن) کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمٰن قمرانی کی زیرِ صدارت ڈویژنل ٹاسک فورس برائے انسداد پولیو وای پی آئی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں نومبر کی انسداد پولیو مہم کی تیاریوں، ویکسینیشن کوریج اور مؤثر نگرانی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈی آئی جی کوہ سلیمان رینج ایاز احمد بلوچ، ڈویژنل ڈائریکٹر محکمہ صحت ڈاکٹر مہر دین کھیتران، محکمہ صحت (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 23)

ضلع چاغی کو دو حصوں میں تقسیم کر کے نیا ضلع قائم جبکہ ضلع واشک کی حد بندی میں بھی تبدیلی کر دی گئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع چاغی کو دو حصوں میں تقسیم کر کے نیا ضلع قائم جبکہ ضلع واشک کی حد بندی میں تبدیلی کر دی گئی۔ گورنر بلوچستان کے حکم سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ضلع چاغی کو دو حصوں میں تقسیم کر کے ویسٹرن چاغی کے نام سے نیا ضلع قائم کر دیا گیا ہے جس کا ہیڈکوارٹر نوکنڈی میں ہوگا جبکہ ضلع سب ڈویژن تفتان اور ماشکیل پر مشتمل ہوگا، نئے ضلع میں (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 22)

بشیر احمد بزیچ کے احکامات کی روشنی میں فروٹ مارکیٹ کے قیام کے لیے مختلف مقامات کا جائزہ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن اور ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بزیچ کے احکامات کی روشنی میں فروٹ مارکیٹ کے قیام کے لیے مختلف مقامات کا جائزہ لیا گیا۔ اس سلسلے میں مجسٹریٹ میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ عمران زیب اور مجسٹریٹ عامر قیصرانی نے زون انچارج قاسم خان کے ہمراہ ٹیکسی اسٹینڈ، رمزی روڈ اور (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 26)

گیس لوڈشیڈنگ اور بھاری بلز نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی، کاشف حیدری

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے کہا ہے کہ موسم سرما کے آغاز کے ساتھ ہی گیس کمپنی کی ناقص پالیسیوں کے باعث کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر کے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ایک طرف گیس کی لوڈشیڈنگ اور کم پریشر نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، تو دوسری جانب گیس کی عدم دستیابی کے باوجود ہزاروں روپے کے بھاری بلز بھیجنا عوام کے لیے کسی عذاب سے کم نہیں۔ بلوچستان کے عوام ملک کے مہنگے ترین گیس بلز ادا کرنے پر مجبور ہیں، لیکن اس کے باوجود انہیں بنیادی سہولت میسر نہیں۔ گیس کمپنی اپنا قبلہ درست کرے اور عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات اٹھائے، بصورت دیگر مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان جلد احتجاجی مظاہرے کی کال دے گی۔

شیے مختار کا گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول نگور شریف کا دورہ

گوادر/نگور شریف (خ ن) ڈسٹرکٹ چیئرمین گوادر شیے مختار نے گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول نگور شریف کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تدریسی عمل، طلبہ کی تعلیمی استعداد اور اساتذہ کی حاضری کا جائزہ لیا اور مختلف کلاسوں میں طلبہ سے تعلیمی اور عمومی معلومات کے سوالات کیے، جن کے طلبہ نے اعتماد کے ساتھ جوابات دینے پر انہوں نے طلبہ کی کارکردگی کو سراہا جبکہ اسکول کے حاضری رجسٹر اور دیگر ریکارڈ کی جانچ پڑتال کے دوران دو اساتذہ غیر حاضر پائے گئے، جس پر ڈسٹرکٹ چیئرمین نے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ ذمہ داران کو غیر حاضر اساتذہ کے خلاف فور نوٹس لینے کی ہدایت کی ضلعی چیئرمین شیے مختار نے واضح کیا کہ تعلیم کے معاملے میں کسی (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 27)

ضلع کے تمام ڈرائنگ اینڈ ڈسبرسنگ افسران کو ہدایت

گوادر (خ ن) ضلعی اکاؤنٹس آفیسر گوادر سوہان بلوچ نے ضلع کے تمام ڈرائنگ اینڈ ڈسبرسنگ افسران کو ہدایت کی ہے کہ سرکاری ملازمین کے قومی شناختی کارڈ نمبرز کی ایس اے پی (SAP) سسٹم میں درستگی کے لیے مکمل کیسز 31 دسمبر 2026 تک ضلعی اکاؤنٹس آفس میں جمع کروائیں محکمہ خزانہ حکومتِ بلوچستان کی ہدایات کے مطابق، متعلقہ کیسز کے ساتھ ڈی ڈی او کے دستخط شدہ اصل چینج فارم، شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقول، نادرا ویری سس رپورٹ اور ڈی ڈی او کا تصدیقی سرٹیفکیٹ (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 28)

محکمہ مال ضلعی انتظامیہ کا ایک اہم شعبہ ہے، حسیب شجاع

متعلقہ افسران ریکارڈ کی جانچ پڑتال اور تصدیق کے عمل کو یقینی بنائیں

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیرِ صدارت زرعی انکم ٹیکس کی وصولی اور محکمہ مال کے انتظامی امور سے متعلق گیارہواں جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ریونیو معاملات، محصولات کی وصولی اور محکمہ مال کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں زرعی انکم ٹیکس کی وصولی، گزشتہ واجبات کی بازیابی، ریونیو ریکارڈ کی درستگی و تکمیل، زیرِ التواء ریونیو مقدمات، سرکاری اراضی کے تحفظ اور محکمہ مال کے مختلف شعبہ جات کی کارکردگی سمیت دیگر اہم امور پر تفصیلی غور کیا گیا اس موقع پر متعلقہ ریونیو افسران نے زرعی انکم ٹیکس کی وصولی اور دیگر (باقی صفحہ 7 پر بقیہ نمبر 16)

ٹریفک پولیس کے ڈی ایس پی ساجد آغا، اور اعظم سرپرہ انجینئر قادر داد لونی ویلیفیئر آرگنائزیشن بلوچستان کے ممبران کو ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی سے متعلق آگاہ کر رہے ہیں

انجینئر عائشہ زہری کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اہم ماہانہ اجلاس

قلات (ہینڈ آؤٹ) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اہم ماہانہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نثار احمد نورزئی، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (